http://www
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہر نامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار
ABC CERTIFIED
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
ایڈیٹر انچیف راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی
جلد نمبر 07 | پیر 9 نومبر 2026ء 28 جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 63
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

نوجوانوں کی لاٹری نکل آئی وزیر اعظم کا بڑا معاشی پیکیج

یوتھ لون سکیم قرضوں کی حد میں اضافہ

رواں سال 266700 نوجوانوں کو 292 بلین قرضہ دینے کا تخمینہ، ایکسموں، دستیاب مواقع اور حکومتی اقدامات سے متعلق ملک گیر سطح پر وسیع پیمانے پر آگاہی مہم چلانے کی ہدایت

وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وزیر اعظم یوتھ بزنس اور ایگریکلچر لون اسکیموں کا جائزہ اجلاس، قرض حاصل کرنے کی عمر کم کر کے 18 سال کرنیکی ہدایت


اسلام آباد، گورنر کے پی فیصل کنڈی ٹورازم و سپورٹس فیسٹیول کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم یوتھ بزنس اور ایگریکلچر لون اسکیموں کے تحت ذاتی قرضوں کی حد 75 لاکھ روپے سے بڑھا کر ڈھائی کروڑ روپے اور عمر کی حد 21 سے کم کر کے 18 سال کر دی گئی، 30 فیصد قرضے خواتین کے لیے مختص ہوں گے۔ رپورٹ کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وزیر اعظم یوتھ بزنس اور ایگریکلچر لون اسکیموں کا جائزہ اجلاس ہوا جس میں لون اسکیم کے تحت نوجوانوں کو قرضوں کی فراہمی اور اسکیموں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعظم کو بتایا گیا کہ یوتھ بزنس اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

قانون شکنی کرنیوالوں کو معاف نہیں کیا جائیگا، محسن نقوی

لوگوں کو حکومت کیخلاف اکسانے والے عناصر سے کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی

شہباز رٹریننگ سینٹر (سٹی رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ریاست کیخلاف تقریریں کرنے، توڑ پھوڑ کرنے اور لوگوں کو حکومت کے خلاف اکسانے والے عناصر سے کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی، وہ شہباز رٹریننگ سینٹر میں فیڈرل کانسٹیبلری (ایف سی) کے ایشیش پروموشن ونگ اور اینٹی رائٹ ونگ کے پہلے بیچ کی پاسنگ آؤٹ پریڈ سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ شہباز رٹریننگ سینٹر میں منعقدہ اس پروقار اور تاریخی تقریب میں تاریخ میں پہلی بار چاروں صوبوں، آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے 983 جوان پاس آؤٹ ہوئے، جن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

مریم نواز نے دورے کی وجہ سے امتحان ملتوی کرنے پر ڈی سی جہلم کو ہٹا دیا

ڈی سی جہلم میر رضا نے طلبہ کو پریشانی سے بچانے کے لئے کمپیوٹر سائنس کا پرچہ ملتوی کیا تھا

وزیر اعلیٰ پنجاب نے احکامات خلاف ورزی قرار دیا، عاصمہ اعجاز کو ڈی سی جہلم تعینات، پرچہ ڈیٹ شیٹ کے مطابق کل ہوگا

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے وی آئی پی وزٹ کی وجہ سے امتحانات ملتوی کرنے پر ڈی سی جہلم کو ہٹا دیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ہدایات کی خلاف ورزی پر سخت برہمی کا اظہار کیا اور کہا کہ ڈی سی جہلم میر رضا نے ہدایات کی واضح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

عوام کو سستا پٹرول دو مہنگائی روکو

نواز شریف کی وزیر اعظم کو ہدایات

وزیر اعظم شہباز شریف کی جاتی عمرہ میں پارٹی قائد سے ملاقات، ملک کی مجموعی سیاسی اور معاشی صورتحال سے آگاہ کیا

ایسی پالیسیاں بنائی جائیں جن سے روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتیں کم رہیں، مسلم لیگ ن ہمیشہ عوام کو فائدہ پہنچاتی ہے، نواز شریف


وزیر اعظم اور قائد مسلم لیگ کی ملاقات کی فائل فوٹو

لاہور (بیورو رپورٹ/ مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف کی جاتی عمرہ میں پارٹی سربراہ میاں نواز شریف سے ملاقات ہوئی ہے۔ ملاقات میں وزیر اعظم نے نواز شریف کو ملک کی مجموعی سیاسی اور معاشی صورتحال سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر نواز شریف نے ہدایت کی کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ عوام تک پہنچایا جائے، مہنگائی پر قابو پانا ہی عوام کو ریلیف دینے کا اصل طریقہ ہے۔ نواز شریف نے کہا کہ ایسی پالیسیاں بنائی جائیں جن سے روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتیں کم رہیں۔ مسلم لیگ ن کا خاصہ ہے کہ ہمیشہ ایسی پالیسیاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

BISP کی مالی معاونت خیرات نہیں مستحق خاندانوں کا حق ہے، روبینہ خالد

ملک بھر میں 6 کروڑ سے زائد افراد بی آئی ایس پی سے مستفید ہو رہے ہیں، چیئرپرسن

بینظیر ہنرمند پروگرام کے ذریعے مستحق خاندانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کئے جائیں گے، میڈیا سے گفتگو

بدین (نمائندہ شہر نامہ) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے دورہ بدین کے دوران سول سوسائٹی کی خواتین نمائندگان اور مقامی بلدیاتی نمائندوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل اور تجاویز سنیں اور بی آئی ایس پی کے مختلف اقدامات پر آگاہی دی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر آفس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں 6 کروڑ سے زائد افراد بی آئی ایس پی سے مستفید ہو رہے ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی گھر میں فائرنگ سے خاتون صحافی قتل، شوہر گرفتار

ملزم 18 ویں گریڈ کا سرکاری ملازم، شواہد جمع کر رہے ہیں، سی پی او حسن مشتاق

مقتولہ اینکر پرسن کا اسلام آباد میں سیلون بھی، احسن نے پسند کی شادی کی تھی



راولپنڈی (نمائندہ شہر نامہ) راولپنڈی گھر میں فائرنگ سے خاتون صحافی اور اینکر پرسن قتل، شوہر کو حراست میں لے لیا گیا، ملزم 18 ویں گریڈ کا سرکاری ملازم ہے، مقتولہ کا اسلام آباد میں سیلون بھی ہے، قاتل اور مقتولہ نے پسند کی شادی کی تھی، پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا نے گلشن آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

میزائل، ڈرون پیداواری لائنیں زیر زمین منتقل کر دیں، پاسداران انقلاب

تہران (صباح نیوز) ایرانی پاسداران انقلاب کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل حسین محبجی نے کہا ہے کہ ایران نے میزائل اور ڈرون کی پیداواری لائنیں زیر زمین منتقل کر دی ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ڈی جی آئی ایس پی آر کا لاہور کی 3 جامعات کا دورہ

طلبہ نے ڈی جی آئی ایس پی آر کے دوروں، براہِ راست مکالمے کے اقدام کو سراہا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈی جی آئی ایس پی آر نے لاہور کی مختلف جامعات کا دورہ کیا اور طلبہ و اساتذہ سے خصوصی نشستوں میں شرکت کی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)


پشاور، ڈائریکٹر جنرل آئی ایس آئی ایف سی سے بزنس کمیونٹی کا وفد ملاقات کر رہا ہے


لاہور، وزیر اعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر رضا حیات ملاقات کر رہے ہیں

اے آئی انسانیت کے لیے خطرہ بن سکتی ہے، پوپ لیو

کمپیوٹر سسٹمز کو ذہانت کا حامل سمجھا جا رہا، انسانوں کے ناقابلِ تنسیخ وقار کو تسلیم کرنے میں مشکلات پیدا ہو رہی ہیں

دنیا مشینوں کی ایسی جنت میں تبدیل ہو سکتی ہے جہاں انسانی وقار اور اہمیت پس منظر میں چلے جائیں، تقریب سے خطاب


کراچی، ہندو برادری کے بچے اور خواتین پٹاخے چلا کر دیوالی کا تہوار منا رہے ہیں

روم (مانیٹرنگ ڈیسک) پوپ لیو چہاردہم نے مصنوعی ذہانت سے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اے آئی انسانیت کے لیے خطرہ بن سکتی ہے، کیتھولک مسیحیوں کے روحانی پیشوا پوپ لیو چہاردہم نے اے آئی کی تیزی سے بڑھتی ہوئی ترقی پر تشویش کا اظہار کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

اقبالؒ کا پیغام خود اعتماد، ذمہ دار اور باشعور فرد کی تعمیر ہے، ایاز صادق

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے شاعرِ مشرق، عظیم فلسفی اور مفکر علامہ محمد اقبالؒ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

9 نومبر، علامہ اقبال ڈے، آج ملک بھر میں عام تعطیل ہوگی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) 9 نومبر، علامہ اقبال ڈے، آج ملک بھر میں عام تعطیل ہوگی، سرکاری و نجی دفاتر اور تعلیمی ادارے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

انتونیو گوتریس کا انروا کیلئے مکمل فنڈنگ کا مطالبہ

نیویارک، غزہ (نیوز ایجنسیاں) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

نیتن یاہو کی چھٹی، گاڈی آئرن کوٹ نئی حکومت بنائیگے

شمل ایبب (صباح نیوز) اسرائیل کے سابق آرمی چیف اور اپوزیشن رہنما گاڈی آئرن کوٹ نئی حکومت بنائیں گے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

وزیر اعظم اور قائد مسلم لیگ کی ملاقات کی فائل فوٹو

اقبالؒ کا خود انحصار پر مبنی تصورِ مشعلِ راہ ہے، چیئرمین سینیٹ

نئی نسل کو اقبالؒ کی فکر و فلسفے سے روشناس کرنے کی ضرورت ہے، یوسف گیلانی

اسلام آباد، 9 نومبر 2026ء: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے شاعرِ مشرق، مفکرِ پاکستان ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ کے 149 ویں یوم ولادت کے موقع پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)


اسلام آباد، چیئرپرسن بی آئی ایس پی روبینہ خالد اجلاس میں گفتگو کر رہی ہیں

سعودیہ پر حوثی ملیشیا کا داغا بیلسٹک میزائل فضا میں تباہ

سول ڈیفنس کا تینوں شہروں میں خطرہ ٹلنے کا اعلان، الرٹ واپس لے لیے

ریاض (صباح نیوز) سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کا بیلسٹک میزائل حملہ ناکام، سعودی دفاعی نظام نے میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیا۔ سعودی ترجمان کے مطابق مشرقی سعودی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

دہشتگردوں کے ٹرائل کیلئے فیس لیس عدالتیں قائم کرنیکا فیصلہ

سی ٹی ڈی استعداد 37 فیصد اور پولیس کی 75 فیصد تک لے جانے کا منصوبہ تیار

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں دہشتگردوں کے ٹرائل کیلئے فیس لیس عدالتیں قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا میں پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

اسلامی ممالک اپنے مسائل خود حل کریں، حافظ نعیم الرحمن

مکہ دفاعی معاہدہ میں ایران، مصر و دیگر مسلمان ملکوں کو شامل کرنا چاہیے



امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ اسلامی ممالک کو اپنے باہمی تنازعات بیرونی مداخلت کے بغیر مذاکرات اور باہمی افہام و تفہیم سے حل کرنے چاہئیں۔ مسلم دنیا کے اختلافات اور تقسیم کا فائدہ اسرائیل، امریکہ اور دیگر مخالف قوتوں کو پہنچتا ہے، علاقائی طاقتوں کو اپنے مسائل خود حل کرنے کے لیے آگے بڑھنا ہوگا ترکیہ کی اناطولیہ نیوز ایجنسی (Anadolu Agency) کو انٹرویو دیتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

شانگلہ، موٹر سائیکل میں بم پھٹ گیا، پولیس اہلکار شہید

بارودی مواد پولیس کانسٹیبل کی موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا تھا، ملزمان کی تلاش جاری

شانگلہ (صباح نیوز) خیبر پختون خوا کے ضلع شانگلہ میں ہونے والے ایک بم دھماکے میں پولیس کانسٹیبل شہید ہو گیا۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس مالاکنڈ زاہد نواز کے مطابق بارودی مواد پولیس کانسٹیبل کی موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا تھا۔ شہید ہونے والے کانسٹیبل کی لاش کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعہ کا مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی ہے۔

اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات: جمہوریت پھر التوا کے دہانے پر؟

انتخابی ماحول ناپید، سیاسی جماعتیں لاتعلق، پراسرار خاموشی

الیکشن کمیشن کا کل اجلاس، عدالت میں رٹ پٹیشن الیکشن التوا کے بادل گہرے

20 دسمبر پولنگ ڈے کیا ووٹر اپنے نمائندے منتخب کر پائیں گے؟



وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ایک مرتبہ پھر سوالیہ نشان بن گیا ہے۔ 20 دسمبر کو انتخابات کے مجوزہ انعقاد کی تاریخ قریب آ رہی ہے، مگر زمینی حقائق، سیاسی سرگرمیوں کی صورتحال اور مجموعی انتخابی ماحول کو دیکھتے ہوئے یہ تاثر مضبوط ہوتا جا رہا ہے کہ اسلام آباد کے شہریوں کو ایک بار پھر اپنے مقامی نمائندے منتخب کرنے کے حق سے محروم رکھا جا سکتا ہے۔ انتخابات کے انعقاد کے بجائے ان کے التوا کے امکانات پر بحث زور پکڑنے لگی ہے۔

سوال یہ ہے کہ آخر اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا معاملہ ہر مرتبہ کسی نہ کسی قانونی، انتظامی یا سیاسی رکاوٹ سے دوچار کیوں ہو جاتا ہے؟ کیا وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کو مقامی حکومت کا حق دینا اتنا مشکل ہے کہ برسوں گزرنے کے باوجود منتخب بلدیاتی نظام قائم نہیں ہو سکا؟

انتخابات کے انعقاد کے لیے جس سیاسی سرگرمی، جوش و خروش اور عوامی رابطہ مہم کی ضرورت ہوتی ہے، وہ فی الحال اسلام آباد میں دکھائی نہیں دے رہی۔ انتخابی حلقوں میں امیدواروں کی سرگرمیاں محدود ہیں، سیاسی جماعتوں کی جانب سے بھی کوئی غیر معمولی انتخابی مہم نظر نہیں آ رہی۔ حیران کن امر یہ ہے کہ حکومت میں شامل جماعتیں بھی اس معاملے پر وہ سنجیدگی اور دلچسپی ظاہر نہیں کر رہیں جس کی توقع ایک جمہوری نظام میں کی جاتی ہے۔


دوسری جانب الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 10 نومبر کو اس معاملے پر اجلاس طلب کر رکھا ہے۔ یہ اجلاس غیر معمولی اہمیت اختیار کر گیا ہے، کیونکہ اس میں سامنے آنے والی پیش رفت اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات کے مستقبل کا رخ متعین کر سکتی ہے۔ اس کے ساتھ عدالت میں دائر رٹ پٹیشن نے بھی انتخابی عمل کے حوالے سے قانونی پیچیدگیوں اور غیر یقینی صورتحال میں اضافہ کر دیا ہے۔

یہ تمام عوامل اس خدشے کو تقویت دے رہے ہیں کہ اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات ایک مرتبہ پھر التوا کا شکار ہو سکتے ہیں۔ تاہم حتمی فیصلہ الیکشن کمیشن اور متعلقہ قانونی و آئینی عمل کے نتیجے میں ہی سامنے آئے گا۔

اصل المیہ یہ ہے کہ اسلام آباد پاکستان کا دارالحکومت ہے، جہاں پارلیمنٹ، ایوانِ صدر، وزیر اعظم ہاؤس، سپریم کورٹ اور تمام اہم قومی ادارے موجود ہیں، مگر اسی شہر کے شہری اپنے گلی محلوں، سڑکوں، نکاسی آب، صفائی، پینے کے پانی، اسٹریٹ لائٹس اور بنیادی شہری سہولیات کے مسائل کے حل کے لیے ایک بااختیار منتخب مقامی حکومت سے محروم ہیں۔

اسلام آباد کے دیہی اور شہری علاقوں کی صورتحال کسی سے پوشیدہ نہیں۔ ترلائی، کھنہ، علی پور، لوہی بھیر، کرال کرپا، سہالہ جھنگ سیداں، چراہ گاؤں، تمیر، شکریال، سوہان موریاں، کے گردونواح، کورال، سوہان، غوری ٹاؤن اور دیگر آبادیوں میں شہری مسائل کا انبار ہے۔ کہیں صفائی کا نظام ناقص ہے، کہیں پانی کی قلت ہے، کہیں سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں اور کہیں تجاوزات اور غیر منصوبہ بند آبادیوں نے شہری زندگی اجیرن بنا رکھی ہے۔ ایسے میں بلدیاتی حکومت کی عدم موجودگی براہ راست عوام کو متاثر کر رہی ہے۔

یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ سیاسی جماعتیں انتخابات کے موقع پر عوام کو جمہوریت، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور عوامی نمائندگی کے بڑے بڑے وعدے کرتی ہیں، لیکن جب بلدیاتی انتخابات کا مرحلہ آتا ہے تو وہی جماعتیں غیر معمولی خاموشی اختیار کر لیتی ہیں۔ آخر کیوں؟ کیا سیاسی قیادت کو مقامی سطح پر نئی قیادت کے ابھرنے کا خدشہ ہے؟ کیا اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی سیاسی جماعتوں کی ترجیحات میں شامل ہی نہیں

یوم اقبال ۹ نومبر
مفکرِ پاکستان، شاعرِ مشرق

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ
وزارتِ اطلاعات و نشریات
حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan Govtofpakistan GovtofPakistan @govtofpak www.moib.gov.pk
URAAN PAKISTAN
PID No. (I) 4315-D/26

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088 / 0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹرو پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

پٹرولیم قیمتوں میں ہونیوالی کمی کے تناسب سے صارفین کو ریلیف فراہم کیا جائے!

وزیراعظم شہباز شریف کے زیرِ صدارت "پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام" کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا جس میں پروگرام پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے اب تک کی پیشرفت اور شفافیت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ رجسٹریشن اور سبسڈی کے حصول کے طریقہ کار کو آسان بنانے سے رجسٹریشن میں اضافہ ہوا اور اب پہلے سے زیادہ مستحق شہری اِس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ مستحق شہریوں کے لئے ٹیکنالوجی پر مبنی یہ شفاف سبسڈی سکیم مستقبل میں عوامی فلاح و بہبود کے ایسے اقدامات کیلئے ایک گیم چینجر ثابت ہوگی۔ اُنہوں نے مانیٹرنگ ڈیش بورڈ ترتیب دینے پر وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شزا فاطمہ، وفاقی سیکرٹری ضرار ہاشم خان اور اُن کی ٹیم کو خصوصی شاباش دی۔ وزیراعظم نے پٹرولیم سبسڈی سکیم کے تحت رجسٹرڈ مستحقین کو سہولت فراہم نہ کرنے والے پٹرول پمپوں کے لائسنس منسوخ کرنے کی ہدایت بھی کی۔ ریلیف پروگرام پر دی گئی بریفنگ میں کہا گیا کہ سکیم کے تحت اب تک ایک کروڑ 55 لاکھ 19 ہزار 282 شہری رجسٹر ہو چکے ہیں جن میں سے ڈیڑھ کروڑ سے زائد موٹر سائیکلیں اور کم و بیش ساڑھے چار لاکھ 800 سی سی تک گاڑیاں ہیں، اب تک چھ کروڑ 31 لاکھ 53 ہزار 685 ٹوکن جاری ہوئے جن میں سے پانچ کروڑ 94 لاکھ 45 ہزار 347 استعمال کیے جا چکے ہیں جبکہ سکیم کے تحت 4 نومبر 2026ء تک 6.28 ارب روپے کی ادائیگیاں کی جا چکی ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سکیم کے حوالے سے معلومات اور شکایات کے ازالے کے لئے صارفین اور پیٹرول پمپوں کے لئے الگ الگ کال سینٹر قائم کئے گئے ہیں۔

اس کے ساتھ ہی حکومت نے گزشتہ ورز پٹرول کی قیمت میں کمی کی ہے۔ پٹرول کی قیمت میں کمی سے موٹر سائیکل اور دیگر پٹرول سے چلنے والی گاڑیاں استعمال کرنے والے صارفین کو ریلیف ملے گا جبکہ ڈیزل کی قیمت میں کمی سے ٹرانسپورٹ اور مال برداری کے شعبوں کے اخراجات پر بھی اثر پڑے گا۔ پاکستان میں یکم نومبر سے 5 نومبر 2026ء کے دوران پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی۔ اِس عرصے میں پٹرول کی قیمت 377 روپے 91 پیسے سے کم ہو کر 352 روپے 59 پیسے فی لیٹر ہو گئی، یوں مجموعی طور پر 25 روپے 32 پیسے فی لیٹر کمی ہوئی جبکہ ہائی سپیڈ ڈیزل 402 روپے 96 پیسے سے کم ہو کر 382 روپے 25 پیسے پر آ گیا جس میں 20 روپے 71 پیسے فی لیٹر کمی کی گئی۔ عالمی منڈی میں برینٹ خام تیل کی قیمت 30 اکتوبر کو 117 ڈالر 64 سینٹ فی بیرل تھی جو پانچ نومبر تک کم ہو کر 99 ڈالر 69 سینٹ رہ گئی تھی، خام تیل تقریباً 3.15 فیصد سستا ہوا جبکہ پاکستان میں اسی عرصے کے دوران پٹرول کی قیمت میں تقریباً 7.6 فیصد اور ڈیزل کی قیمت میں 1.5 فیصد کمی ہوئی۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا تناسب پاکستان میں صارفین کو ملنے والے ریلیف سے کہیں زیادہ ہے تاہم ملکی سطح پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین صرف عالمی خام تیل کی قیمتوں سے نہیں ہوتا بلکہ درآمدی لاگت، ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر، نقل و حمل، ریفائننگ کے اخراجات، حکومتی لیوی اور مختلف ٹیکس بھی حتمی قیمت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ چنانچہ عالمی منڈی میں تیل سستا ہونے کا پورا فائدہ صارفین تک منتقل کرنے کیلئے ضروری ہے کہ حکومت قیمتوں کے تعین میں اُن عوامل کا شفاف جائزہ لیتے ہوئے ان پر نظرثانی کرے۔

امریکہ کے وسط مدتی انتخابات میں ڈیموکریٹس کی جیت اور ریپبلکنز کی ہار نے واضح کر دیا ہے کہ امریکی عوام ایران کے خلاف شروع کی گئی جنگ کو پسند نہیں کرتے اور اِس کی وجہ سے ہونے والی مہنگائی نے اُن کی زندگیوں پر منفی اثرات مرتب کیے ہیں۔ امریکی صدر خود بھی اِس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ ایران جنگ اور اُس کے نتیجے میں ہونے والی مہنگائی نے اُن کی جماعت کی ہار میں کلیدی کردار ادا کیا۔ انتخابات کے نتائج آتے ہی خام تیل کی قیمتیں کم ہو گئیں کیونکہ اب دنیا بھر میں یہ خیال کیا جا رہا ہے کہ صدر ٹرمپ ایران جنگ کو شاید مزید طوالت نہ دے پائیں۔ امریکہ کی طرح پاکستان کے عوام بھی پٹرول سمیت توانائی کی ہوشرُبا قیمتوں اور اِن کے نتیجے میں ہونے والی مہنگائی سے پریشان ہیں۔ وزیراعظم فیول سبسڈی پروگرام سے اب تک ڈیڑھ کروڑ سے زائد مستحقین 28 ارب روپے سے زائد کا فائدہ اُٹھا چکے ہیں جو کہ خوش آئند ہے تاہم حکومت کو چاہئے کہ وہ نہ صرف عالمی قیمتوں میں ہونے والی کمی کے تناسب سے صارفین کو ریلیف فراہم کرے بلکہ پٹرولیم مصنوعات میں کمی کے بعد ٹرانسپورٹ کے کرایوں اور اشیائے ضروریہ خصوصاً خورونوش کی قیمتوں میں کمی کو بھی یقینی بنائے۔

یوم اقبال: محض تقریبات نہیں، خوابِ اقبال کی عملی تعبیر کا وقت

اظہار خیال



منظر نقوی

پاکستان آج 9 نومبر کو شاعرِ مشرق، مفکرِ اسلام اور عظیم فلسفی علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کا 149 واں یوم پیدائش منا رہا ہے۔ یہ دن محض ایک عظیم شاعر کی یاد منانے، تقاریب منعقد کرنے، تقاریر کرنے اور ان کے مزار پر پھول چڑھانے کا نام نہیں بلکہ پوری قوم کے لیے سنجیدہ خود احتسابی اور اپنے قومی کردار کا جائزہ لینے کا موقع ہے۔ ہمیں اس بنیادی سوال پر غور کرنا چاہیے کہ کیا ہم نے اس عظیم مفکر کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لیے وہ کردار ادا کیا ہے جس کی توقع انہوں نے اپنی قوم سے وابستہ کی تھی؟

علامہ محمد اقبال 9 نومبر 1877ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ وہ صرف ایک بلند پایہ شاعر ہی نہیں بلکہ ایک عظیم مفکر، فلسفی اور مصلح تھے جنہوں نے برصغیر کے مسلمانوں میں سیاسی شعور، فکری بیداری اور اپنی شناخت کا احساس پیدا کیا۔ ان کے فلسفۂ خودی نے انسان کو اپنی صلاحیتوں کو پہچاننے، کردار کو مضبوط بنانے اور علم، عمل، محنت اور مستقل مزاجی کے ذریعے اپنی تقدیر خود سنوارنے کا پیغام دیا۔

پاکستان میں 9 نومبر کو یوم اقبال کے طور پر سرکاری تعطیل منائی جاتی ہے۔ تاہم 2015ء میں اس دن کی سرکاری تعطیل ختم کر دی گئی تھی، جسے 2022ء میں وزیراعظم شہباز شریف نے بحال کیا۔ اس فیصلے نے قومی سطح پر علامہ اقبال کی خدمات اور ان کے افکار کی اہمیت کو ایک مرتبہ پھر اجاگر کیا۔ تاہم یوم اقبال کی حقیقی اہمیت محض سرکاری تعطیل میں نہیں بلکہ ان کے نظریات کو قومی زندگی میں عملی طور پر نافذ کرنے میں پوشیدہ ہے۔

علامہ اقبال ایک ایسے معاشرے کے خواہاں تھے جہاں عدل و انصاف، مساوات، اخلاقی اقدار، علم و تحقیق، معاشی خودمختاری اور انسانی وقار کو بنیادی حیثیت حاصل ہو۔ 1930ء کے تاریخی خطبۂ الٰہ آباد میں انہوں نے برصغیر کے مسلمانوں کے سیاسی مستقبل کے لیے ایک واضح فکری سمت متعین کی، جس نے بعدازاں تحریکِ پاکستان کو نظریاتی قوت فراہم کی۔ لیکن اقبال کا خواب محض ایک آزاد خطے کے حصول تک محدود نہیں تھا۔ وہ ایک ایسی باوقار، ترقی یافتہ، خوددار اور علم دوست قوم دیکھنا چاہتے تھے جو دنیا میں اپنے کردار، صلاحیت اور کارکردگی کی بنیاد پر ممتاز مقام حاصل کرے۔ بدقسمتی سے قیامِ پاکستان کے تقریباً آٹھ عشروں بعد بھی ہم کئی ایسے مسائل میں گھرے ہوئے ہیں جو اقبال کے تصورِ پاکستان سے مطابقت نہیں رکھتے۔ غربت، بے روزگاری، تعلیمی پسماندگی، بدعنوانی، سیاسی عدم استحکام، ادارہ جاتی کمزوریاں اور معاشی انحصار ہماری قومی ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹیں ہیں۔ ایک ایسی ریاست جہاں لاکھوں بچے معیاری تعلیم سے محروم ہوں اور نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں بروئے کار لانے کے مناسب مواقع نہ ملیں، وہاں خوابِ اقبال کی مکمل تعبیر کا دعویٰ کرنا مشکل ہے۔ اقبال کی فکر میں تعلیم اور علم کو بنیادی اہمیت حاصل تھی۔ وہ ایسی تعلیم کے حامی تھے جو محض اسناد حاصل کرنے کا ذریعہ نہ ہو بلکہ انسان میں تنقیدی شعور، تخلیقی صلاحیت، کردار سازی اور عملی زندگی کے تقاضوں کا مقابلہ کرنے کی قوت پیدا کرے۔ آج پاکستان کو اپنے تعلیمی نظام میں بنیادی اصلاحات کی ضرورت ہے۔ جامعات کو جدید تحقیق، سائنسی ترقی، مصنوعی ذہانت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور اختراعات کے مراکز بنانا ہوگا تاکہ نوجوان عالمی مسابقت میں اپنا مقام پیدا کر سکیں۔ علامہ اقبال نے نوجوان نسل کو ہمیشہ خصوصی اہمیت دی۔ ان کا تصورِ شاہین بلند حوصلے، خودداری، جرأت، آزادی اور مسلسل جدوجہد کی علامت ہے۔ پاکستان کی نوجوان آبادی ایک عظیم قومی سرمایہ ہے، لیکن اس سرمائے سے فائدہ اٹھانے کے لیے تعلیم، ہنرمندی، روزگار، کاروباری مواقع اور میرٹ پر مبنی نظام کو فروغ دینا ضروری ہے۔ نوجوانوں کو صرف اقبال کے اشعار یاد کرانے کے بجائے ان کے پیغام پر عمل کرنے کے مواقع فراہم کرنا ہوں گے۔

اقبال کا پیغام خودانحصاری آج پاکستان کی معاشی صورتحال میں غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ ایک ایسی قوم جو مسلسل بیرونی قرضوں، مالی امداد اور عارضی معاشی سہارا لینے پر مجبور ہو، وہ حقیقی خودمختاری حاصل نہیں کر سکتی۔ ہمیں اپنی صنعتوں کو مضبوط بنانا، زرعی پیداوار میں اضافہ کرنا، برآمدات کو فروغ دینا، ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری کرنا اور مقامی کاروباروں کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا ہوگا۔ معاشی آزادی کے بغیر سیاسی آزادی بھی اپنی مکمل معنویت حاصل نہیں کر سکتی۔

قومی اتحاد بھی فکرِ اقبال کا بنیادی ستون ہے۔ فرقہ واریت، لسانی تعصبات، سیاسی محاذ آرائی اور معاشرتی تقسیم نے ہماری اجتماعی قوت کو کمزور کیا ہے۔ اقبال نے ملت کو اتحاد، اخوت اور مشترکہ مقاصد کے حصول کا درس دیا تھا۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ سیاسی قیادت ذاتی اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد، آئین کی بالادستی، جمہوری استحکام، اداروں کی مضبوطی اور عوامی فلاح کو اولین ترجیح دے۔ یوم اقبال پر حکومت، تعلیمی اداروں اور قومی تنظیموں کو محض رسمی تقریبات تک محدود رہنے کے بجائے عملی اقدامات کا اعلان کرنا چاہیے۔ تعلیمی اصلاحات، نوجوانوں کے لیے تحقیقی وظائف، جدید مہارتوں کی تربیت، کاروباری معاونت، شفاف حکمرانی اور معاشرتی انصاف کے فروغ کے لیے قابلِ عمل پروگرام شروع کیے جائیں۔ اقبال کے افکار کو نصابی کتابوں سے نکال کر قومی پالیسیوں اور عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا۔ علامہ اقبال کو حقیقی خراجِ عقیدت پیش کرنے کا بہترین طریقہ ان کے خواب کی عملی تعبیر ہے۔ پاکستان کو ایک ایسا ملک بنانا ہوگا جہاں غربت کی جگہ خوشحالی، جہالت کی جگہ علم، سفارش کی جگہ میرٹ، ناانصافی کی جگہ قانون کی حکمرانی اور مایوسی کی جگہ امید اور خوداعتمادی پیدا ہو۔

ہمیں یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ اقبال کا خواب صرف حکومتوں کی ذمہ داری نہیں بلکہ پوری قوم کا مشترکہ فریضہ ہے۔

حکیم الامت ڈاکٹر علامہ محمد اقبال!

اظہار خیال



عباس مہد

صدیوں کا سفر جب تھک ہار کر تاریخ کے کسی گمشدہ اور تاریک موڑ پر رک جاتا ہے، جب معاشرے کے ایوانوں میں فکری مرعوبیت اور غلامی کی گھپ اندھیری رات اپنے پر پھیلاتی ہے، اور جب انسان اپنی ہی ذات کے خول میں گھٹ گھٹ کر دم توڑنے لگتا ہے، تو دھرتی کی کوکھ سے کوئی ایسا فرزندِ ارجمند جنم لیتا ہے جو وقت کی نبض پر ہاتھ رکھ کر کائنات کا مقدر بدل دیتا ہے۔ نو سو برس کی طویل اور تھکا دینے والی خاموشی کے بعد، جب تاریخ کے سینے پر ایک بار پھر عزم صمیم اور خودی کا قحط پڑا، تو قدرت نے سیالکوٹ کی مٹی پر اپنی رحمت کی ایسی نظر ڈالی کہ نو نومبر کے طلوعِ سحر کے ساتھ ایک ایسا چراغ جل گیا جس کی ضیا پاشیوں نے مشرق و مغرب کے تمام افق کو منور کر دیا۔ وہ چراغ، وہ پیکرِ فکر، وہ مردِ قلندر اور حکیم الامت محمد اقبال تھا! آئیے، نو نومبر کے اس مبارک دن کی مناسبت سے اس داستانِ حیات کے دریچوں سے جھانک کر دیکھتے ہیں کہ وہ کون سا گھرانہ تھا، کیسی مٹی تھی، اور وہ کون سی مقدس آغوش تھی جہاں سے یہ آفتابِ عالم تاب طلوع ہوا اور اس نے سیالکوٹ کے مکتب سے لے کر یورپ کے فکری ایوانوں تک کیسا محیر العقول سفر طے کیا۔ سیالکوٹ کی اس پرانی اور گنجان گلی میں، جہاں پتھروں پر ٹانکیاں مارتے ہوئے ہاتھوں کی آوازیں گونجتی تھیں، ایک ایسا گھر آباد تھا جس کے در و دیوار پر زہد اور تقویٰ کا نکھار تھا۔ شیخ نور محمد جی ایک ایسا درویش صفت انسان جس کی پیشانی پر سجدوں کے نور کا حصار تھا اور جن کے ہاتھوں میں رزقِ حلال کی پاکیزگی رچی بسی تھی۔ وہ کوئی تخت نشین نواب یا زرخیز زمینوں کے مالک نہیں تھے، بلکہ وہ مٹی کے ظروف بنا کر اپنے بچوں کا پیٹ پالنے والے ایک باطن کے سلطان تھے، جن کے گھر کا ایک ایک نوالہ دعاؤں کی خوشبو میں بسا یا ہوا تھا۔ اور اس مردِ درویش کی آغوشِ تلطف میں جب امام بی بی جیسی پارسا، تہجد گزار اور سراپا دعا ماں کی تربیت کا سایہ پڑا، تو اس مقدس کوکھ سے اس عہد کے سب سے بڑے مفکر نے جنم لیا۔ نو نومبر کا سورج جب سیالکوٹ کے افق پر چکا، تو اس معصوم بچے کی پہلی کچی ہنسی میں آنے والے زمانوں کا وہ طوفان چھپا تھا جس نے فرنگیوں کے ایوانوں کو ہلا کر رکھ دینا تھا۔ ان کی ابتدائی تعلیم کا آغاز سیالکوٹ کے مکتب سے ہوا، جہاں مولوی میر حسن جیسے یگانہ روزگار استاد کی شفقت اور صحبت نے ان کے اندر کے جوہر کو تراشا۔ مولوی میر حسن نے اقبال کو صرف عربی اور فارسی کی گرامر نہیں پڑھائی، بلکہ ان کی روح میں قرآن کا فہم، تصوف کی لطافت اور کلاسیکی ادب کی خوشبو اتار دی۔ یہیں سے اقبال کے فکری سفر کا وہ پہلا زینہ طے ہوا جس نے انہیں دنیا کے عام طالب علموں سے ممتاز کر دیا۔ اس کے بعد اقبال کا کارواں لاہور کی طرف بڑھا۔ گورنمنٹ کالج لاہور کے علمی اور فلسفیانہ ماحول میں پروفیسر آرنلڈ جیسے بلند پایہ استاد کی زیرِ سرپرستی اقبال کی فکری پرواز کو نئے پر مل گئے۔ یہاں انہوں نے فلسفے میں ماسٹرز کیا اور انسانی نفسیات، تاریخ اور تہذیبوں کے عروج و زوال کا گہرا مطالعہ کیا۔ لاہور کے اس دور میں ان کی شاعری نے ابتدائی ارتقا کی منزلیں طے کیں، جہاں انہوں نے "نالۂ یتیم" اور "ہمالہ" جیسی لازوال تخلیقات کے ذریعے اپنی شاعری کا لوہا منوایا۔ وہ انجمن حمایتِ اسلام کے جلسوں میں جب اپنی ترنم ریز آواز میں نظمیں سناتے، تو مجمع پر ایک وجد طاری ہو جاتا تھا۔ لیکن اقبال کی پیاس یہاں نہیں بجھی۔ 1905ء میں وہ اعلیٰ تعلیم کے لیے سمندر پار کر کے یورپ روانہ ہوئے یہ ان کی زندگی کا وہ موڑ تھا جس نے ان کے فکر کو آفاقی وسعت عطا کی۔ انہوں نے کیمبرج یونیورسٹی سے فلسفے کی ڈگری لی، لنکنز ان سے بار ایٹ لا کی سند حاصل کی، اور جرمنی کی میونخ یونیورسٹی سے "فارس میں مابعد الطبیعیات کا ارتقا" پر پی ایچ ڈی کی ڈگری مکمل کی۔ یورپ کے اس قیام کے دوران انہوں نے مغربی تہذیب کو اندر سے دیکھا۔ انہوں نے دیکھا کہ مادی ترقی کی اس اندھی دوڑ میں یورپ کی روح مر چکی ہے اور وہ انسان کو مشین کا پرزہ بنا چکے ہیں۔ اس مشاہدے نے اقبال کو مغربی جمود اور کورانہ تقلید کا شدید منتقد بنا دیا، اور یہیں سے ان کے اندر وہ زبردست فکری انقلاب برپا ہوا جس نے انہیں مشرق کا ترجمان بنا دیا۔ یورپ سے واپسی کے بعد اقبال نے وکالت کے ساتھ ساتھ اپنے قلم کو اس قوم کے بیدار کرنے کے لیے وقف کر دیا۔ انہوں نے شاعری کو تفریح کا ذریعہ نہیں بنایا، بلکہ اسے تلوار کی طرح استعمال کیا۔ "شکوہ اور جوابِ شکوہ" کے ذریعے انہوں نے خدا کی عدالت میں امت کا مقدمہ لڑا، اور "اسرارِ خودی" اور "رموزِ بیخودی" کے ذریعے امت کو یہ درس دیا کہ جب تک انسان اپنی خودی کو بیدار نہیں کرتا، وہ غلامی کی زنجیروں سے نجات نہیں پا سکتا۔ ان کا شاہین محض ایک پرندہ نہیں ہے، بلکہ وہ اس بلند حوصلہ نوجوان کا استعارہ ہے جو طوفانوں کے سینے پر پاؤں رکھ کر پرواز کرتا ہے اور جو زمین کی آلائشوں سے آزاد ہو کر صرف آسمانوں کی وسعتوں کو ناپتا ہے۔ اور پھر وہ تاریخی لمحہ بھی آیا جب 1930ء کے خطبہ الٰہ آباد میں انہوں نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک الگ اور آزاد وطن کا فکری خاکہ پیش کیا۔ وہ محض ایک سیاسی نعرہ نہیں تھا، بلکہ وہ صدیوں کے تاریخی پس منظر، تہذیبی تشخص اور اسلام کے عادلانہ نظام کی عملی تعبیر کا خواب تھا۔ انہوں نے بتا دیا کہ مسلمان اس خطے میں ایک الگ امت ہیں جن کا سیاسی اور تہذیبی مستقبل اپنی مرضی کے مطابق طے ہونا چاہیے۔ آج جب ہم نو نومبر کے اس باب کو الٹتے ہیں اور یوم اقبال پر اپنے گریبان میں جھانکتے ہیں، تو دل لہو کے آنسو روتا ہے کہ ہم نے اس عظیم ترین فکری سرمائے کو محض نصابی کتابوں اور رٹی ہوئی تقریروں تک قید کر کے رکھ دیا ہے۔ اگر آج ہمیں اس پستی، زوال اور فکری اندھیرے سے نکلنا ہے، تو ہمیں پھر سے اقبال کے در پر حاضری دینا ہوگی، اپنی گری ہوئی خودی کو اٹھانا ہوگا، اور اپنی آنے والی نسلوں کو شاہین کی طرح جینا سکھانا ہوگا۔ آمین ثم آمین!

یوم اقبال اور 2026

میڈیا آئی



عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

یوم اقبال 2026 پاکستان کے لیے علامہ محمد اقبال اور ایک مضبوط، آزاد اور بااعتماد مسلم قوم کے ان کے وژن کو خراجِ تحسین پیش کرنے کا ایک موقع ہے۔ 2025 میں بھارت کے خلاف معرکۂ حق میں فتحِ پاکستان کے عسکری اعتماد اور علاقائی وقار میں ایک اہم موڑ ثابت ہوئی۔ پاک فوج نے، فضائیہ، بحریہ، میزائل سسٹمز اور سائبر یونٹوں کی مدد کے ساتھ، تمام محاذوں پر باہمی ہم آہنگی، شجاعت اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کیا۔ اس کامیابی نے پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں سے متعلق تصورات کو چیلنج کیا اور قومی یکجہتی کو مضبوط کیا۔ عوامی جشن مسلح افواج کے لیے عوام کے فخر اور اظہارِ تشکر کی عکاسی کرتا تھا۔ ملک کا دفاع کرنے کے علاوہ فوج نے خطرناک علاقوں میں استحکام بحال کرنے میں مدد کی، قدرتی آفات کے دوران سویلین اداروں کا ساتھ دیا اور معاشی ترقی کے لیے ضروری حالات کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کیا۔ پاکستان کا بڑھتا ہوا سفارتی اثر و رسوخ امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکراتِ امن میں اس کے سہولت کار کے کردار سے بھی واضح ہے، جس میں اسے سعودی عرب، ترکی اور مصر کی حمایت حاصل تھی۔ عسکری قوت کا مظاہرہ کرنے اور فتح کے بعد مکالمے کا راستہ منتخب کرنے کے بعد پاکستان نے عالمی سطح پر نمایاں توجہ حاصل کی ہے اور علاقائی امن کے لیے کوشاں ایک ممکنہ ثالث کے طور پر ابھرا ہے۔ اگرچہ یہ مذاکرات نازک مرحلے میں ہیں، مگر یہ کردار ملک کی بڑھتی ہوئی سفارتی اہمیت اور ضبط و تحمل، ذمہ داری اور حکمتِ عملی کی فہم و فراست کی قدر و قیمت کو ظاہر کرتا ہے۔

پاکستان کی دفاعی شراکت داریاں علاقائی سیکیورٹی اور دفاع میں اپنا حصہ ڈالنے کے اس کے عزم کو مزید نمایاں کرتی ہیں۔ اگست 2026 میں سعودی عرب اور ترکی کے ساتھ طے پانے والا مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ باہمی دفاع، مشترکہ منصوبہ بندی، انٹیلی جنس شیئرنگ اور فوری جوابی کارروائی پر مبنی ایک اجتماعی سیکیورٹی فریم ورک قائم کرتا ہے۔ اس کا یہ اصول کہ کسی ایک رکن پر حملہ تمام اراکین سے متعلق تصور ہوگا، اجتماعی تحفظ کے باہمی عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ دوحہ میں ترکی، قطر اور انڈونیشیا کے ساتھ طے پانے والے "بدر ایم او یو" کا مرکز مشترکہ دفاعی پیداوار، تحقیق، مینوفیکچرنگ اور ٹیکنالوجی کی منتقلی ہے۔ اس کا مقصد غیر ملکی سپلائرز پر انحصار کو کم کرنا اور مسلم ممالک کے درمیان ایک مشترکہ صنعتی بنیاد قائم کرنا ہے۔ اگرچہ ان طویل المدتی اقدامات کے مکمل فوائد حاصل ہونے میں سالہا سال لگیں گے، لیکن یہ سیکیورٹی محض حاصل کرنے کے بجائے اسے پیدا کرنے والا ملک بننے کے پاکستان کے عزم کو ظاہر کرتے ہیں۔ اپنی پیشہ ورانہ مسلح افواج، سفارتی اقدامات اور سائنسی تعاون کے ساتھ مل کر ان شراکت داریوں نے پاکستان کے بین الاقوامی وقار کو مضبوط کیا ہے۔ یہ علامہ اقبال کے فلسفۂ خودی کی بھی عکاسی کرتی ہیں، جو خوداعتمادی، وقار، آزادی اور اندرونی طاقت کو فروغ دیتا ہے۔ یوم اقبال پر قوم اپنی کامیابیوں کا جشن مناتی ہے، ان کے پیچھے دی گئی قربانیوں کو یاد کرتی ہے اور اقبال کے افکار و نظریات کے ساتھ اپنے عزم کی تجدید کرتی ہے۔ حتمی مقصد ایک ایسا خودمختار اور ذمہ دار پاکستان ہے جو اپنے لوگوں کا دفاع کر سکے، مظلوموں کی حفاظت کر سکے، بغیر کسی جارحیت کے امن کو فروغ دے سکے اور آنے والی نسلوں کے لیے اتحاد، اعتماد اور لچک کے ساتھ آگے بڑھ سکے۔

ان تمام پیش رفتوں نے علامہ اقبال کو بے حد مسرور اور مطمئن کیا ہوتا۔ انہوں نے مسلم امت کی بیداری کے بارے میں لکھا تھا، انہوں نے مسلمانوں کے باہمی اتحاد کی ضرورت پر زور دیا تھا، انہوں نے علم و ٹیکنالوجی کی اہمیت پر قلم اٹھایا تھا، انہوں نے ایمان کی طاقت اور محنت کی عظمت و توقیر کے بارے میں تحریر کیا تھا اور انہوں نے ایک غیور سپاہی کی شجاعت و بسالت کے نغمے گائے تھے۔ ان کی شاعری شاہین اور عقاب کی تمثیلوں سے لبریز ہے۔ انہوں نے ان استعاروں کو مسلم نوجوانوں کے بلند مقاصد اور عزمِ عالی کی نمائندگی کے لیے استعمال کیا۔ وہ چاہتے تھے کہ نوجوان بڑے خواب دیکھیں، انتھک محنت کریں اور قوم کی خدمت کے لیے خود کو وقف کر دیں۔ آج کی پاک فوج ان تمام تر آرزوؤں کا ایک زندہ و جاوید مجسمہ ہے۔ معرکۂ حق میں لڑنے والے سپاہی صرف کسی زمین کے ٹکڑے کا دفاع نہیں کر رہے تھے، بلکہ وہ ایک عظیم نظریے کا دفاع کر رہے تھے۔ وہ اس نظریے کی حفاظت کر رہے تھے کہ مسلمان مضبوط اور مکمل طور پر خودمختار ہو سکتے ہیں۔ وہ اس تصور کی پاسبانی کر رہے تھے کہ ایمان پر قائم ہونے والی قوم ایک جدید اور ترقی پسند ریاست بھی بن سکتی ہے۔ وہ اس خیال کا دفاع کر رہے تھے کہ پاکستان دنیا کی اقوام کے درمیان اپنا جائز اور باوقار مقام حاصل کر سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ فتح اتنی اہمیت کی حامل تھی۔ یہ محض ایک جغرافیائی یا عسکری فتح نہیں تھی بلکہ یہ روح اور نظریے کی اتنی ہی عظیم فتح تھی۔

یوم اقبال 2026ء کے اس عظیم موقع پر قوم کو ان تمام قربانیوں کو لازماً یاد رکھنا چاہیے جنہوں نے اس طاقت کو ممکن بنایا۔ معرکۂ حق اور دیگر تمام ٹکراؤ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء نے یہ سب کچھ اپنی ذاتی شہرت کے لیے نہیں کیا تھا، بلکہ انہوں نے یہ عظیم قربانی ملک کے لیے، روشن مستقبل کے لیے اور اس خواب کے لیے دی جو اقبال نے دیکھا تھا۔ ان کے اہلِ خانہ ہماری دل کی گہرائیوں سے شکرگزاری کے مستحق ہیں اور ان کے بچوں کو ہماری کامل حمایت حاصل ہونی چاہیے۔ قوم کو ان عام شہریوں کو بھی یاد رکھنا چاہیے جنہوں نے مسلح افواج کا ہر موڑ پر ساتھ دیا۔ وہ ڈاکٹر جنہوں نے زخمیوں کا علاج کیا، وہ انجینئرز جنہوں نے سامان اور آلات کی مرمت کی، وہ مزدور جنہوں نے کارخانوں کو مسلسل فعال رکھا، وہ کسان جنہوں نے اناج اگایا اور وہ اساتذہ جنہوں نے نئی نسل کی تربیت کی۔ کسی قوم کی اصلی طاقت صرف اس کی فوج میں نہیں ہوتی بلکہ اس کے عوام میں ہوتی ہے۔

پاکستان اس لیے مضبوط ہے کیونکہ اس کے عوام مضبوط اور پرعزم ہیں۔ پاکستان اس لیے بااثر ہے کیونکہ اس کے لوگ متحد ہیں۔ یہی اتحاد اس ملک کا سب سے بڑا اثاثہ ہے جسے ہر قیمت پر محفوظ رکھنا اور پروان چڑھانا ضروری ہے۔

اس لیے سال 2026ء پاکستان کے لیے بے پناہ فخر اور سربلندی کا سال ہے۔ یہ ملک ایک سخت اور دشوار گزار دور سے گزر کر پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہو کر ابھرا ہے۔ فوج نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، سفارت کاروں نے عالمگیر احترام حاصل کیا ہے، دفاعی معاہدوں نے ترقی کی نئی راہیں کھولی ہیں اور ثالثی کے کردار نے ملک کے وقار کو بلندیوں تک پہنچایا ہے۔ قوم درست سمت میں گامزن ہے۔ اگرچہ آگے اب بھی کچھ چیلنجز موجود ہیں؛ معیشت کو مزید تیز رفتاری سے آگے بڑھنے کی ضرورت ہے، تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے، صحت کے شعبے کو مزید وسائل درکار ہیں اور سیاسی نظام میں مزید استحکام کی ضرورت ہے، لیکن ان تمام چیلنجز پر کامیابی سے قابو پایا جا سکتا ہے۔ ان پر قابو اس لیے پایا جا سکتا ہے کیونکہ اب بنیادی ڈھانچہ اور بنیادیں بے حد مضبوط ہو چکی ہیں۔ یہ بنیاد مسلح افواج کی ناقابلِ تسخیر طاقت ہے، یہ بنیاد عوام کا محکم اتحاد ہے اور یہ بنیاد اقبال کی روشن فکر اور وژن ہے۔ وہ فکر آج بھی قوم کی رہنمائی کر رہی ہے، وہ فکر آج بھی نوجوانوں کو نئے عزم بخش رہی ہے اور وہ فکر آج بھی ہمارے مستقبل کو تراش رہی ہے۔ علامہ اقبال کی روح آج کے دن یقیناً شادماں ہوگی۔ وہ ایک ایسے پاکستان کو دیکھ رہے ہوتے جو اپنے دشمنوں سے خائف نہیں ہے، وہ ایک ایسے پاکستان کو دیکھ رہے ہوتے جو اپنی سیکیورٹی کے لیے دوسروں کا محتاج نہیں ہے، وہ ایک ایسے پاکستان کو دیکھ رہے ہوتے جو دیگر اقوام کو امن کی راہ دکھانے میں مدد کر رہا ہے، وہ ایک ایسے پاکستان کو دیکھ رہے ہوتے جو اپنے مسلم بھائیوں کے ساتھ مضبوط دفاعی شراکت داریاں قائم کر رہا ہے۔

شہر نامہ SHEHAR NAMA

فن وثقافت



خواتین کی تضحیک پر گوہر رشید کا دوٹوک موقف، کبریٰ خان بھی حمایت میں آگئیں



کراچی (پی این پی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار گوہر رشید نے خواتین کی ظاہری شخصیت اور جسمانی ساخت کا مذاق اڑانے والوں کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ اداکار نے سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں خواتین کے لیے توہین آمیز الفاظ استعمال کرنے اور ان کی ظاہری شکل کی بنیاد پر انہیں تنقید کا نشانہ بنانے کے رویے کی مخالفت کی۔ گوہر رشید نے خواتین کے ساتھ روا رکھے جانے والے ایسے رویوں کے خلاف آواز اٹھائی، جس پر شوبز شخصیات اور مداحوں نے ان کی حمایت کی۔ اداکار کی اہلیہ کبریٰ خان نے ان کے موقف پر فخر کا اظہار کیا جبکہ اداکار بلال عباس خان نے بھی محبت بھرا ردعمل دیا۔ گوہر رشید کے پیغام کو سوشل میڈیا پر سراہا جا رہا ہے، جہاں صارفین خواتین کی جسمانی ساخت پر تنقید اور تضحیک کے خاتمے کی حمایت کر رہے ہیں۔ ایک خاتون مداح نے بتایا کہ انہیں ماضی میں موٹاپے کی وجہ سے طنز کا نشانہ بنایا جاتا تھا، تاہم اب وہ اپنی جسمانی ساخت کو اعتماد کے ساتھ قبول کرتی ہیں۔

بالی ووڈ میں سپر اسٹارز کا دور ختم ہونے جا رہا ہے، فرح خان



ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ کی معروف فلمساز اور کوریوگرافر فرح خان نے نئی نسل کے اداکاروں میں خود اعتمادی کی شدید کمی کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق فرح خان نے نئے اداکاروں کے رویے کو دیکھتے ہوئے کہا کہ اب بالی ووڈ میں سپر اسٹارز کا دورہ ختم ہونے جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہ رخ خان، سلمان خان، امیتابھ بچن، عامر خان اور اکشے کمار بالی ووڈ کے آخری سپر اسٹارز ہیں، ان کے بعد یہ سنہری دور ختم ہو جائے گا۔ فرح خان نے انکشاف کیا کہ نئے اداکار فلم ڈائریکشن، کوریوگرافی، میوزک اور کاسٹنگ جیسے معاملات میں بلاوجہ مداخلت کرتے ہیں، حد تو یہ ہے کہ سیٹ پر مکالمے تک یاد کر کے نہیں آتے۔ اُن کا کہنا تھا کہ اس کے مقابلے میں شاہ رخ، امیتابھ بچن، سلمان خان اور اکشے کمار جیسے سینئر اداکار ہمیشہ ڈائریکٹر کی بصیرت اور فلمسازی پر مکمل اعتماد کرتے ہیں۔ فرح خان نے مزید کہا کہ شاہ رخ خان نے فلم 'میں ہوں ناں' میں سشمیتا سین اور 'اوم شانتی اوم' میں نئی لڑکی دیپیکا پڈوکون کے کاسٹنگ پر ڈائریکٹر کی پسند پر مکمل بھروسہ کیا

'کافی ود کرن' میں مہمان ذاتی زندگی پر بات کرنے سے محتاط ہو گئے، میزبان

ممبئی (پی این پی) بھارتی فلمساز اور میزبان کرن جوہر کا کہنا ہے کہ ان کے شو 'کافی ود کرن' سے جڑے ماضی کے تنازعات کے باعث اب شوبز شخصیات اپنی ذاتی زندگی کے بارے میں کھل کر گفتگو کرنے سے گریز کرتی ہیں۔ 54 سالہ کرن جوہر ان دنوں پروگرام کے آخری سیزن کی میزبانی کر رہے ہیں۔ ایک خصوصی انٹرویو میں کرن جوہر نے بتایا کہ وقت کے ساتھ شو میں گفتگو کا انداز بدل گیا ہے اور پہلے جیسی بے باکی اب دکھائی نہیں دیتی۔ ان کے مطابق مہمان اس بات سے محتاط رہتے ہیں کہ کہیں ان کا کوئی بیان تنازع کا باعث نہ بن جائے۔ کرن جوہر کا کہنا تھا کہ پروگرام میں کہی گئی معمولی بات بھی بڑی خبر بن سکتی ہے، جس سے فنکاروں کے لیے تعلقاتِ عامہ کے مسائل پیدا ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔ اسی وجہ سے مہمان اب گفتگو کے دوران زیادہ احتیاط برتتے ہیں۔

میرا کی بہن کینسر میں مبتلا، اداکارہ نے دل دہلا دینے والی تصویر شیئر کر دی



لاہور (پی این پی) پاکستانی فلم انڈسٹری کی معروف اداکارہ میرا نے اپنی چھوٹی بہن شائستہ عباس کی صحت سے متعلق افسوسناک خبر شیئر کرتے ہوئے مداحوں سے دعاؤں کی درخواست کر دی۔ اداکارہ نے سوشل میڈیا پر بتایا کہ ان کی بہن شائستہ عباس کینسر جیسے موذی مرض سے لڑ رہی ہیں اور زندگی کے انتہائی مشکل دور سے گزر رہی ہیں۔ میرا نے اپنی بہن کی ایک تصویر بھی شیئر کی جس میں بیماری کے دوران ان کے سر کے بال جھڑنے کی کیفیت دیکھی جا سکتی ہے۔ شائستہ عباس ماضی میں چند پاکستانی ڈراموں میں اداکاری کر چکی ہیں، تاہم بعدازاں تعلیم مکمل کرنے کے لیے برطانیہ منتقل ہو گئی تھیں۔ میرا کی پوسٹ سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا صارفین اور مداحوں نے شائستہ عباس کی جلد صحت یابی کے لیے دعائیں اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بولڈ لباس کا بڑھتا رجحان، کنول آفتاب نے پاکستانی برانڈز کو آڑے ہاتھوں لے لیا



لاہور (پی این پی) معروف پاکستانی سوشل میڈیا انفلوئنسر کنول آفتاب نے مقامی کپڑوں کے برانڈز کی جانب سے نامناسب کٹ اور مختصر لباس تیار کرنے کے بڑھتے رجحان پر شدید ناراضی کا اظہار کیا ہے۔ کنول آفتاب نے سوشل میڈیا پر جاری ویڈیو میں کہا کہ پاکستانی برانڈز کو ایسے صارفین کا بھی خیال رکھنا چاہیے جو مکمل اور باپردہ لباس پہننا پسند کرتے ہیں۔ انفلوئنسر نے شکایت کی کہ جب وہ کسی برانڈ سے لباس کی آستینیں بڑھانے یا پشت کو مکمل ڈھانپنے کی درخواست کرتی ہیں تو انہیں جواب ملتا ہے کہ لباس میں تبدیلی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ سینکڑوں برانڈز دیکھ چکی ہیں، لیکن اپنی پسند کے مطابق لباس تلاش کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ کنول آفتاب کا کہنا تھا کہ ہر صارف کی پسند اور ضروریات کا احترام ہونا چاہیے اور برانڈز کو روایتی پاکستانی لباس بھی تیار کرنے چاہئیں۔ سوشل میڈیا پر متعدد صارفین نے ان کے موقف کی حمایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 1

سردار رضا محی الدین قادری نے فرمائی۔اس موقع پر مرحوم سردار ارشد رفیق کے صاحبزادے سردار حشمت رفیق کی دستار بندی صدر آزاد کشمیر ڈاکٹر نجیب نقی، فرمانے والی اہم شخصیات میں ایرانی وفد، سابق وزیراعظم عبدالقیوم نیازی سینیٹر چوہدری تنویر، ایم این اے عبدالعلیم خانزادہ، پارلیمانی سیکرٹری بیرسٹر دانیال، ایم این اے پارلیمانی سیکرٹری عمران الیاس، سینیٹر ثنا جمالی، سابق ایم پی اے ملک یاسر رضا، قسیم عباسی سابق آئی جی پولیس ،عامر محبوب، راجہ شاہد، فقیر محسن کلیامی سجادہ نشین کلیامی شریف، سجادہ نشین عید گاہ شریف پیر سعد الرحمان، سجادہ نشین چترانہ شریف پیر عظمت نواز، سائیں زبیر الرحمن سجادہ نشین ساہیں باگھ سرکار، پیر عمار سعید دربار عالیہ گمبٹ ، منڈی بہاؤالدین ، سید شہباز شاہ سمیت کثیر تعداد میں علمائے کرام، مشائخ عظام اور سیاسی وسماجی شخصیات شامل تھیں۔

بقیہ نمبر 2

کی ہر جدوجہد میں وکلاء کی شمولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ ہمیشہ ملک وقوم کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں ۔انہوں نے یہ بات ٹوبہ ٹیک سنگھ ڈسٹرکٹ بار کے سابق صدور حاجی اختر رسول ایڈووکیٹ ، میاں فرخ اقبال ایڈووکیٹ، عابد جمیل خان مہونہ ایڈووکیٹ ،میاں الیاس ایڈووکیٹ اور دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔وکلاء کے وفد نے خالد نواز سدھرآنچ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور انہیں مقدمہ نمبر 791/26، بجرم 290، 291 میں ضمانت قبل از گرفتاری منظور ہونے پر مبارکباد دی۔ایڈیشنل سیشن جج نعیم عامر نے کیس کی سماعت کے بعد ان کی ضمانت منظور کرنے کا حکم جاری کیا جبکہ مقدمے کی آئندہ پیشی 14 نومبر مقرر کی گئی ۔ خالد نواز سدھرآنچ نے وفد کے ارکان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ چاہے جمہوریت ، آئین اور قانون کی بالادستی کی جنگ ہو یا زراعت اور کسانوں کی فلاح وبہبود کی جدوجہد ہو، ہم ہر محاذ پر کسی لالچ اور خوف کے بغیر صرف اور صرف ملک و قوم کی خاطر میدان عمل میں ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کسانوں کو درپیش بے شمار مسائل و مشکلات کے حل کیلئے احتجاج کی پاداش میں ان پر مقدمہ بنایا گیا ۔ خالد نواز سدھرآنچ نے کہا کہ مقدمات کے اندراج اور گرفتاری انہیں کسانوں کے حقوق اور مسائل اجاگر کرنے سے نہیں روک سکتیں۔وہ پی ٹی آئی کسان ونگ کے پلیٹ فارم سے عمران خان کے ویژن کی روشنی میں کسانوں کے معاشی مسائل کے حل کے لیے آواز بلند کرتے رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا کسان پہلے ہی مہنگی کھاد، زرعی ادویات، بجلی، ڈیزل اور دیگر پیداواری اخراجات کے باعث شدید معاشی مشکلات کا شکار ہے، جبکہ گنا، گندم، مکئی اور دیگر زرعی اجناس کی مناسب قیمت نہ ملنے سے کاشتکاروں کو مالی نقصان برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ان حالات میں کسانوں کے حقوق کے لیے آواز اٹھانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خالد نواز سدھرآنچ کا کہنا تھا کہ وہ گنا، گندم، مکئی اور دیگر زرعی اجناس کے نرخ بہتر بنانے اور کسانوں کو ان کی محنت کا جائز معاوضہ دلوانے کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے ۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کے مسائل اجاگر کرنے اور زرعی اجناس کے مناسب نرخوں کا مطالبہ کرنے کی وجہ سے شوگر مافیا، سیاسی مخالفین اور بعض دیگر عناصر انہیں جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات میں الجھا کر خاموش کرنا چاہتے ہیں تاہم وہ اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔قبل ازیں سابق صدور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن نے سینئر قانون دان سردار نوید خاں گاڈھی ایڈووکیٹ ،امیدوار جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار میاں الیاس ایڈووکیٹ ، نائب صدر میاں عمر بشیر ایڈووکیٹ ، میاں وقاص ایڈووکیٹ، طلحہ ایڈووکیٹ، سیاسی وسماجی رہنما محمد شاہد خاں،صدر مجلس مفاد عامہ عارف جانباز قاضی سمیت سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات سے بھی ملاقات کی۔

بقیہ نمبر 3

ذریعے ہی بچاؤ ممکن ہے۔نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (NEOC) کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق، اس مہم میں 2 لاکھ سے زائد فرنٹ لائن پولیو ورکرز حصہ لے رہے ہیں، جبکہ یہ انسداد پولیو مہم پاکستان اور افغانستان میں یکساں اور ہم آہنگ انداز میں چلائی جا رہی ہے۔ این ای او سی نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کی باقاعدہ حفاظتی ٹیکہ جات کی روٹین مہم کو بروقت مکمل بنائیں اور یاد رکھیں کہ پولیو کا کوئی علاج نہیں، صرف ویکسین ہی اس سے بچاؤ کا واحد ذریعہ ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان دنیا کے ان دو ممالک میں شامل ہے جہاں پولیو وائرس کے کیسز اب بھی رپورٹ ہو رہے ہیں۔ تاہم، حکومت کی مسلسل کوششوں کے باعث 1990 کی دہائی میں سالانہ 20,000 کے قریب سامنے آنے والے کیسز کی تعداد میں 99.5 فیصد کمی لائی جا چکی ہے۔

بقیہ نمبر 4

دریافت اس بات کو سمجھنے میں مدد دے سکتی ہے کہ اربوں سال بعد سورج کے اختتام پر ہمارے نظام شمسی کی کیا صورت ہوسکتی ہے۔تحقیق کے مطابق سفید بونا ستارہ، جسے J13281450 کا نام دیا گیا ہے، زمین سے تقریباً 1600 نوری سال کے فاصلے پر برج سنبلہ میں واقع ہے، اس کے گرد موجود ملبے کی 2 حلقوں پر مشتمل ساخت پہلے مشاہدہ کیے گئے ایسے ستاروں سے مختلف ہے، جہاں اب تک صرف ایک حلقہ دریافت ہوا تھا۔سائنسدانوں کا خیال ہے کہ 2 سیاروی یا چھوٹے پتھریلے اجسام اس ستارے کے گرد موجود ملبے کے حلقوں میں شامل ہیں اور ستارے کی تباہ کن تبدیلی کے باوجود بچنے میں کامیاب رہے۔یہ مشاہدات یورپی سدرن آبزرویٹری کی چلی میں قائم انتہائی بڑی دوربین (ویری لارج ٹیلی اسکوپ) کے ذریعے کیے گئے۔اس دریافت سے قبل ماہرین فلکیات نے 21 سفید بونا ستاروں کے گرد سیاروی ملبے کی موجودگی کی نشاندہی کی تھی، تاہم ان سب کے گرد ملبے کی صرف ایک ڈسک دیکھی گئی تھی۔نئی تحقیق کے مصنف اور چلی کی یونیورسٹی کے ماہر فلکیات فیلیپ لاگوس ویلچیس کے مطابق یہ دریافت ظاہر کرتی ہے کہ ستارے کے خاتمے کے بعد اس کے سیاروی نظام کی باقیات توقع سے کہیں زیادہ پیچیدہ ساخت رکھ سکتی ہیں۔ماہرین کے مطابق اب سے اربوں سال بعد سورج اپنا ایندھن ختم ہونے پر پھیل کر سرخ دیو (ریڈ جائنٹ) بن جائے گا اور بالآخر اپنی بیرونی تہیں جھاڑ کر ایک انتہائی کثیف سفید بونا ستارہ رہ جائے گا۔اس دوران نظام شمسی کے بعض سیارے تباہ ہو جائیں گے، جبکہ کچھ ممکنہ طور پر بچ سکتے ہیں۔دریافت ہونے والے سفید بونا ستارے کی کمیت سورج کے مقابلے میں تقریباً 47 فیصد ہے، تاہم اس کا پورا مادہ زمین کے تقریباً برابر قطر میں سمٹا ہوا ہے۔یہ تحقیق سائنسی جریدے نیچر آسٹرونومی میں شائع ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر 5

باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا پی کے 39 کے عہدیداران اور پیپلز یوتھ کے عہدیداران کی طرف سے فرداً فرداً ضلعی صدر کا شکریہ ادا کیا گیا وائس پریذیڈنٹ مدر ونگ سید لقمان شاہ صاحب اور ڈاکٹر بنارس خان غازی نے اپنے اپنے خطاب میں علاقے میں درپیش مسائل پہ روشنی ڈالی ضلعی صدر نادر شاہ نے تمام کارکنان عہدیداران کا شکریہ ادا کیا تنظیمی عمل کو مکمل کرنے اور ساتھ مل جل کر چلنے اور کارکنان کے مسائل کو حل کرنے کی یقینی دھانی بھی کروائی گئی مدر ونگ کی نمائندگی ضلعی صدر نادر شاہ سنیئر نائب صدر لقمان شاہ نائب صدر بابر نسیم تنولی جان نوید نے کی اس موقع پر مقررین و تمام شرکاء نے پارٹی کو فعال و مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا اور پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار بھی کیا گیا

بقیہ نمبر 6

تھا۔اس موقع پر وائس چانسلر بارانی زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر قمرالزمان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی کسانوں کی معاونت، زرعی پیداوار میں اضافے اور جدید تحقیق کو عملی طور پر کاشتکاروں تک پہنچانے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ زرعی شعبے کی ترقی کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور سائنسی طریقوں کو اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔وائس چانسلر نے پریسیژن ایگریکلچر کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک جدید زرعی ٹیکنالوجی اپنا کر فصلوں کی پیداوار اور وسائل کے مؤثر استعمال کو بہتر بنا رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ یونیورسٹی نے کسانوں کی سہولت، زرعی رہنمائی اور ان کے مسائل کے حل کے لیے خصوصی فارمرز کال سینٹر بھی شروع کیا ہے تاکہ کاشتکار براہ راست یونیورسٹی سے رابطہ کر سکیں۔اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر ایگریکلچر ایکسٹینشن شاہد بخاری نے اپنے خطاب میں کہا کہ محکمہ زراعت کسانوں کی معاونت اور فصلوں کی پیداوار میں اضافے کے لیے مختلف اقدامات کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کسانوں کو زرعی سرگرمیوں کے فروغ اور فصلوں کی پیداوار بڑھانے کے لیے بلاسود قرضوں کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ زراعت توسیع کسانوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے اور ان کے روزمرہ مسائل کے حل کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔ یہ آگاہی مہم بارانی زرعی یونیورسٹی اور محکمہ زراعت توسیع کے اس مشترکہ عزم کی عکاس ہے جس کا مقصد جدید تحقیق، ٹیکنالوجی اور کسانوں کی عملی رہنمائی کے ذریعے زرعی شعبے کو مستحکم اور ملکی زرعی پیداوار میں اضافہ کرنا ہے

بقیہ نمبر 7

ملوث 3 پٹرول پمپس کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے انہیں گرفتار کیا گیا، جبکہ کم مقدار میں پٹرول فراہم کرنے پر 50 سے زائد پیٹرول نوزلز کو سیل کر دیا گیا۔انتظامیہ کی جانب سے واضح کیا گیا ہے کہ اسلام آباد میں ویٹس اینڈ میژرز کے قوانین پر مکمل عمل درآمد یقینی بنانے تک بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔عوام کو مقررہ مقدار میں پٹرول کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ نمبر 8

خصوصی قیمتوں پر دستیاب ہوں گی کمپنی کے مطابق یہ آفر 10 نومبر کو رات 8 بجے سے شروع ہو کر 21 نومبر 2026ء کی رات 11 بج کر 59 منٹ تک جاری رہے گی جس میں وراز پاکستان سمیت مختلف مقامی ریٹیلرز حصہ لیں گے 2013ء میں قائم ہونے والا ایزوز دنیا کے 130 سے زائد ممالک اور خطوں میں اپنی مصنوعات فراہم کر رہا ہے جبکہ کمپنی کے رجسٹرڈ صارفین کی تعداد 230 ملین سے تجاوز کر چکی ہے کمپنی کی مصنوعات میں مصنوعی ذہانت (AI) سے لیس اسمارٹ سیکیورٹی کیمرے اور ڈیجیٹل انٹری سسٹمز شامل ہیں جنہیں موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے کنٹرول کیا جاسکتا ہے کمپنی کی جانب سے پیش کی جانے والی نمایاں مصنوعات میں H9c Dual 4G Dual-Lens TiltPan اسمارٹ کیمرا شامل ہے، جس میں دو 3K لینس نصب ہیں یہ کیمرا وسیع علاقے کی نگرانی کے ساتھ حرکت کرنے والے افراد کا تعاقب کرنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے اس میں وائی فائی اور 4G کنیکٹیویٹی کی سہولت فراہم کی گئی ہے، جس کے ذریعے وائی فائی کی عدم دستیابی میں بھی موبائل نیٹ ورک سے نگرانی ممکن ہے اسی طرح H8c Pro 3K کیمرا 5 میگا پکسل امیجنگ مصنوعی ذہانت کے ذریعے انسانوں اور گاڑیوں کی شناخت، آٹو زوم ٹریکنگ اور کلر نائٹ ویژن جیسی جدید خصوصیات کا حامل ہے گھروں کے داخلی راستوں کی سیکیورٹی کے لیے DL20FVS Plus اسمارٹ لاک بھی خصوصی پیشکش کا حصہ ہے، جس میں چہرے ہتھیلی کی رگوں اور فنگر پرنٹ کی شناخت کے علاوہ پاس کوڈ کے ذریعے دروازہ کھولنے کی سہولت موجود ہے اسمارٹ لاک میں بلٹ ان ڈور ویور اور انڈور اسکرین بھی نصب ہے

بقیہ نمبر 9

مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد لیفٹیننٹ (ر) محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات پر ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے افسران و جوانوں کی ذہنی صلاحیتوں، استعداد کار اور پیشہ ورانہ کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے دفتر میں سائیکولوجیکل ٹیسٹ کے انعقاد کے لیے خصوصی ڈیسک قائم کیا ہے۔اسی سلسلے میں ڈی آئی جی اسلام آباد دفتر میں پولیس افسران و جوانوں کے سائیکولوجیکل ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا۔ٹیسٹ کے دوران ان کی ذہنی صلاحیتوں، پیشہ ورانہ رویوں، دباؤ میں کام کرنے کی استعداد اور مختلف صورتحال میں بروقت و مؤثر فیصلہ سازی کی صلاحیتوں کا جائزہ لیا گیا۔اس اقدام کا مقصد افسران و جوانوں کی صلاحیتوں کو مزید نکھارنا، پیشہ ورانہ کارکردگی بہتر بنانا اور انہیں جدید پولیسنگ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ سائیکولوجیکل ٹیسٹ کے نتائج کی روشنی میں افسران و جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے، کارکردگی کا معیار بلند کرنے اور استعداد کار میں اضافے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔اسلام آباد پولیس کی جانب سے فورس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے فروغ، ذہنی و عملی استعداد کار میں اضافے اور جدید پولیسنگ کے تقاضوں سے ہم آہنگی کے لیے مختلف تربیتی، فلاحی اور پیشہ ورانہ اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ نمبر 10

کہا کہ ملک میں صدارتی نظام حکومت کے نفاذ، پاکستان کو 12 انتظامی یونٹس میں تقسیم کرنے، مقامی حکومتوں کو بااختیار بنانے اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کے لیے مؤثر اصلاحات ناگزیر ہیں۔انہوں نے کہا کہ موجودہ انتظامی ڈھانچے میں تبدیلی لا کر ترقی کے ثمرات دور دراز علاقوں تک پہنچائے جا سکتے ہیں۔ڈاکٹر حافظ خیر محمد جوئیہ نے کہا کہ موومنٹ رنگ، نسل، زبان، مذہب، مسلک، ذات اور برادری سے بالاتر ہو کر ہر شہری کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد کرے گی۔منشور میں 65 سال سے زائد عمر کے شہریوں کو مفت صحت، خوراک اور قانونی مشاورت کی سہولیات فراہم کرنے، سرکاری ریسٹ ہاؤسز اور غیر ضروری عمارتوں کو رہائشی سہولیات کے لیے استعمال کرنے اور ہمسایہ ممالک کے ساتھ خوشگوار تعلقات کے فروغ کی تجاویز بھی شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان کے وقت قوم نے مشترکہ شناخت اور بے مثال قربانیوں کے جذبے کے تحت وطن حاصل کیا، تاہم وقت کے ساتھ لسانی، علاقائی اور مسلکی تقسیم نے قومی یکجہتی کو نقصان پہنچایا۔اب ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام شہریوں کو پاکستانی ہونے کے مشترکہ رشتے میں متحد کیا جائے اور محروم طبقات کو انصاف اور مساوی مواقع فراہم کیے جائیں۔اس موقع پر موومنٹ کے چیف آرگنائزر رانا زاہد تنویر، سوشل میڈیا انچارج محمد آصف، فنانس سیکرٹری چوہدری طارق حسین اور مشاورتی کونسل کے اراکین شہزاد خان، محمد اشفاق، رانا عمران آصف نیازی، چوہدری کاشف جٹ اور چوہدری سعد الرحمن بھی موجود تھے۔ڈاکٹر حافظ خیر محمد جوئیہ نے بتایا کہ موومنٹ ملک بھر میں عوامی رابطہ مہم شروع کر رہی ہے۔ انہوں نے صحافیوں سے اپیل کی کہ وہ موومنٹ کے منشور اور سرگرمیوں کو عوام تک پہنچانے کے ساتھ اس کی پالیسیوں میں موجود خامیوں کی بھی نشاندہی کریں تاکہ اصلاح اور بہتری کے عمل کو یقینی بنایا جاسکے

بقیہ نمبر 11

خصوصی فوڈ سیفٹی، پاکیزگی اور عوامی آگاہی مہم کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔ یہ مہم ہیڈ کوارٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس کی ہدایات اور کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر عامر رشید کی براہ راست نگرانی میں منعقد کی گئی، جس کا مقصد خوراک کے معیار کو بہتر بنانے اور عوام میں حفظان صحت کے اصولوں سے متعلق شعور اجاگر کرنا تھا۔مہم کے آخری روز اسسٹنٹ ہیلتھ آفیسر اور انچارج فوڈ کنٹرول سیل نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کینٹ کے مختلف تجارتی مراکز، فوڈ آؤٹ لیٹس اور کیٹرنگ سروسز کا دورہ کیا اور وہاں خوراک کی تیاری، ذخیرہ کرنے کے طریقہ کار اور کچن میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔اس موقع پر متعلقہ افراد کو خوراک کی تیاری اور فراہمی کے دوران حفظان صحت کے اصولوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایات بھی دی گئیں۔مہم کے دوران شہریوں اور دکانداروں میں آگاہی بروشرز بھی تقسیم کیے گئے، جن کے ذریعے صاف، معیاری اور محفوظ خوراک کے استعمال، خوراک کی مناسب ذخیرہ اندوزی اور صفائی کے بنیادی اصولوں سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی۔اس موقع پر کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر عامر رشید نے کہا کہ شہریوں کو معیاری اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنانا اور فوڈ سیفٹی سے متعلق شعور اجاگر کرنا راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے ۔عوامی صحت کے تحفظ اور خوراک کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے ایسے آگاہی پروگرامز اور اقدامات آئندہ بھی تسلسل کے ساتھ جاری رکھے جائیں گے

بقیہ نمبر 12

کیا انہوں نے اڈیالہ پریس کلب کے صحافیوں کو بتایا کہ سابق کابینہ تحلیل کر دی گئی ہے جسکے سابق صدر علامہ قاری عظمت علی چشتی تھے اب نگران کابینہ کے صدر مفتی نوید انجم ضیائی اور علامہ قاری طاہر محمود چشتی جنرل سیکرٹری مقرر کیے گئے ہیں ۔انہوں نے بتایا کہ 03-12-2026 سے 07-12-2026 تک امیدوار اپنے کاغذات نامزدگی جمع کرا سکیں گے ۔امیدواران کے کاغذات کی جانچ پڑتال 08-12-2026 تا 10-12-2026 تک ہوگی اور 11-12-2026 کو امیدواروں کی حتمی فہرست جاری کی جائے گی اور 20-12-2026 کو الیکشن ہوں گے۔

بقیہ نمبر 13

کا اعزاز حاصل کیا۔ دوسری جانب ہانگ کانگ چائنا نے ویمنز ٹیم ایونٹ کے فائنل میں ملائیشیا کو سخت مقابلے کے بعد 2-1 سے ہرا کر ٹائٹل جیت لیا۔اس طرح پانچ روز تک جاری رہنے والے سنسنی خیز اسکواش مقابلوں کا اختتام ہوا، جن میں ایشیا کے بہترین کھلاڑیوں نے اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائے۔ پاکستان اسکواش فیڈریشن کے زیر اہتمام اور پاک فضائیہ کی سرپرستی میں منعقد ہونے والی یہ براعظمی چیمپئن شپ 03 سے 07 نومبر 2026 تک جاری رہی۔

بقیہ نمبر 14

ادارے واقعے کی غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات یقینی بنائیں، تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے اور جو بھی اس سنگین جرم میں ملوث ہو، اسے قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جائے۔ کسی بااثر شخص کو قانون سے بالاتر نہیں ہونا چاہیے۔نصر اللہ رندھاوا نے کہا کہ خواتین کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ معاشرے میں خواتین کے خلاف تشدد اور قتل جیسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔انہوں نے مرحومہ کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

بقیہ نمبر 15

خراج تحسین پیش کیا گیا۔تقریب میں بین الاقوامی تعلیمی مقابلوں، کھیلوں اور دیگر غیر نصابی سرگرمیوں میں غیر معمولی کارکردگی دکھانے والے طلبہ کی کامیابیوں کو بھی سراہا گیا۔ یہ پروقار تقریب صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک جاری رہی، جس کے مختلف سیشنز میں ملک کی ممتاز سیاسی، قومی اور تعلیمی شخصیات نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں سینکڑوں ہونہار طلبہ، ان کے والدین، اساتذہ، اسکول لیڈرز اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔تقریب کے مہمانانِ خصوصی میں شامل تھے: * محترم راجہ پرویز اشرف، سابق وزیراعظم پاکستان اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی۔ * محترم سردار مسعود خان، سابق صدر آزاد جموں وکشمیر۔ * جناب سید ذیشان علی نقوی، فوکل پرسن وزیراعظم یوتھ پروگرام اور سابق ڈپٹی میئر اسلام آباد۔ * جناب ٹیبل ڈوگر، سینئر منیجر نارتھ، کیمبرج یونیورسٹی پریس اینڈ اسسمنٹ۔ ان ممتاز شخصیات کی شرکت نے تقریب کی اہمیت اور وقار میں مزید اضافہ کیا۔ مختلف اخبارات، پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا چینلز نے بھی اس تقریب کی بھرپور کوریج کی اور سپرنووا اسکولز کی تعلیمی کامیابیوں اور پاکستان کے شعبۂ تعلیم میں اس کے کردار کو اجاگر کیا۔ کیمبرج امتحانات میں ریکارڈ ساز کامیابیاں تقریب میں 800 نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے والے طلبہ کو اعزازات سے نوازا گیا، جنہوں نے اپنی غیر معمولی تعلیمی کارکردگی کے اعتراف میں مجموعی طور پر ایک ہزار سے زائد میڈلز اور 100 سے زائد شیلڈز حاصل کیں۔

جون 2026 کے کیمبرج IGCSE اور A-Level امتحانات میں سپرنووا کے طلبہ نے شاندار نتائج حاصل کیے، جن میں شامل ہیں: * 257 طلبہ نے تمام مضامین میں A گریڈ حاصل کیے۔ * 2,528 A* اور A گریڈز حاصل کیے گئے۔ یہ نتائج سپرنووا کے معیارِ تعلیم اور تعلیمی میدان میں مسلسل نمایاں کارکردگی کا ایک اور ثبوت ہیں، جو اسے دنیا بھر کے کیمبرج انٹرنیشنل اسکولز میں ممتاز مقام دلاتے ہیں۔ کیمبرج پرائمری چیک پوائنٹ پروگرام کے طلبہ کی کامیابیوں کو بھی سراہا گیا، جس کے تحت 166 طلبہ کو اعزازات سے نوازا گیا اور مجموعی طور پر 338 میڈلز تقسیم کیے گئے۔ کیمبرج آؤٹ اسٹینڈنگ لرنر ایوارڈز میں نمایاں کامیابیاں سپرنووا کے طلبہ نے کیمبرج کے مایہ ناز Outstanding Cambridge Learner Awards میں مسلسل غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے علاقائی، قومی اور عالمی سطح پر اعزازات حاصل کیے ہیں۔ گزشتہ دس سال (2016 تا 2025) کے دوران سپرنووا نے درج ذیل اعزازات حاصل کیے: * 23 بیسٹ اَکراس ایوارڈز * 28 ٹاپ اِن نارتھ پاکستان ایوارڈز * 20 ٹاپ اِن پاکستان ایوارڈز * 14 ٹاپ اِن دی ورلڈ ایوارڈز نصابی سرگرمیوں سے آگے، ہم نصابی میدان میں بھی نمایاں کامیابیاں تقریب میں بین الاقوامی تعلیمی مقابلوں، کھیلوں اور دیگر ہم نصابی سرگرمیوں میں طلبہ کی غیر معمولی کامیابیوں کو بھی خصوصی طور پر اجاگر کیا گیا۔ ورلڈ اسکالرز کپ اسلام آباد راؤنڈ 2026 میں سپرنووا کے طلبہ نے ایک اور شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک ہزار سے زائد میڈلز اور 22 ٹرافیاں حاصل کیں، جو اس مقابلے میں کسی بھی اسکول کے نمایاں ترین نتائج میں سے ایک ہے۔ اس کے بعد تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں منعقدہ گلوبل راؤنڈ میں بھی سپرنووا کے طلبہ نے بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ تقریباً 2,200 طلبہ اور درجنوں ممالک کے شرکاء کے درمیان مقابلہ کرتے ہوئے سپرنووا نے 69 میڈلز حاصل کیے، جن میں 16 گولڈ اور 53 سلور میڈلز شامل تھے، جبکہ دو مجموعی ٹرافیاں بھی اپنے نام کیں۔ سب سے اہم کامیابی یہ رہی کہ شریک ہونے والی پانچ ٹیموں میں سے چار نے ییل یونیورسٹی میں منعقد ہونے والے ٹورنامنٹ آف چیمپئنز کے لیے کوالیفائی کیا۔اسی طرح، روم میں منعقدہ ینگ انگلش لینگویج اولمپیاڈ کے گرینڈ فائنل میں عمارہ خان کی شاندار کامیابی کو بھی سراہا گیا۔ سپرنووا چیمپئنز کپ: نوجوانوں کے کھیلوں کا عظیم الشان میلہ تقریب میں نوجوانوں میں کھیلوں کے فروغ اور صحت مند مسابقت کے حوالے سے سپرنووا اسکولز کی کاوشوں کو بھی اجاگر کیا گیا۔ سپرنووا چیمپئنز کپ اسلام آباد کا سب سے بڑا یوتھ اسپورٹس ایونٹ بن چکا ہے۔ اس سال منعقد ہونے والے مقابلوں میں 35 اسکولوں کی 350 ٹیموں نے شرکت کی، جبکہ 18 مختلف کھیلوں میں 3,000 سے زائد کھلاڑیوں نے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ سپرنووا کے طلبہ نے ایک مرتبہ پھر اس باوقار مقابلے میں چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا، جس سے بین المدارس کھیلوں میں ادارے کی نمایاں حیثیت مزید مستحکم ہوئی۔ عالمی جامعات میں داخلے اور کروڑوں ڈالر کے وظائف تقریب کا ایک اہم حصہ سپرنووا کے فارغ التحصیل طلبہ کی دنیا کی ممتاز جامعات میں داخلوں اور غیر معمولی اسکالرشپس کے حصول کا اعتراف تھا۔ اس سال سپرنووا کے فارغ التحصیل طلبہ نے دنیا بھر کی جامعات سے 877 بین الاقوامی داخلہ آفرز حاصل کیں، جن کے ساتھ مجموعی طور پر 5.45 ملین امریکی ڈالر، یعنی تقریباً 13 ارب پاکستانی روپے کے وظائف کی پیشکشیں شامل ہیں۔ خصوصی طور پر قابل ذکر کامیابی 72 طلبہ کی ہے جنہوں نے 100 فیصد یا اس سے زائد کے وظائف حاصل کیے

بقیہ نمبر 16

اعلیٰ کردار و عمل کے ذریعے اپنی شخصیت کو تعمیر کرنے کا نام ہے۔ واقعہ کربلا اور امام حسین علیہ السلام کی سیرت بھی حق وصداقت پر استقامت، عزتِ نفس اور باطل کے سامنے سر نہ جھکانے کا عظیم درس دیتی ہے۔ آج کے نوجوانوں کو اقبال کے شاہین کا کردار اپناتے ہوئے علم، تحقیق، خوداعتمادی اور بلند نظری کو اپنا شعار بنانا ہوگا۔علامہ شبیر حسن میثمی نے مسلم امہ کی موجودہ صورتِ حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بے پناہ قدرتی وسائل، افرادی قوت اور تاریخی ورثے کے باوجود مسلمان فکری غلامی، باہمی انتشار اور داخلی اختلافات کا شکار ہیں۔ فلسطین، غزہ اور کشمیر سمیت دنیا بھر کے مظلوم انسانوں کی حالت زار امتِ مسلمہ کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلم حکمران اور عوام مظلومین کی حمایت، حق و انصاف کے قیام اور مشترکہ اسلامی مفادات کے تحفظ کے لیے مؤثر کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ استعماری اور اسلام دشمن قوتیں مسلمانوں کو مسلکی، لسانی اور قومی بنیادوں پر تقسیم کر کے ان کی اجتماعی قوت کمزور کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ فکری وثقافتی یلغار کے ذریعے نئی نسل کو اپنی دینی، تہذیبی اور اخلاقی اقدار سے دور کرنے کے حربے بھی استعمال کیے جا رہے ہیں۔ ان سازشوں کا مقابلہ علم، شعور، کردار، دینی وابستگی اور اتحاد کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ مرکزی سیکرٹری جنرل نے کہا کہ پاکستان میں تمام مکاتب فکر کے درمیان مشترکات، اختلافات سے کہیں زیادہ ہیں۔ قرآن کریم، رسول اکرم حضرت محمد مصطفیٰ ص، کعبہ اور اسلامی تعلیمات ہماری مشترکہ اساس ہیں۔ اتحاد بین المسلمین وقت کی اہم ترین ضرورت ہے اور ملی یکجہتی کونسل سمیت مختلف قومی و دینی فورمز پر باہمی احترام، رواداری اور مکالمے کا فروغ اسی مقصد کی عملی کوشش ہے۔ علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علامہ اقبال کے پیغام خودی، خودداری، حریتِ فکر اور وحدتِ امت کو عام کر کے ایک باوقار، باشعور اور متحد معاشرے کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ نمبر 17

خصوصی طور پر مظلوم کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کیا گیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کشمیر کونسل ای یو کے چیئرمین علی رضا سید نے کہا کہ شہدائے جموں کی قربانیاں کشمیر کی تاریخ کا ایک ناقابلِ فراموش باب ہیں۔ نومبر 1947ء کے المناک واقعات کشمیری عوام کے اجتماعی شعور اور تاریخی یادداشت کا اہم حصہ ہیں اور ان شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ شہدائے جموں کو حقیقی خراج عقیدت پیش کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ کشمیری عوام کے بنیادی انسانی حقوق، ان کے وقار اور حق خودارادیت کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے۔علی رضا سید نے مزید کہا کہ مسئلہ کشمیر کا منصفانہ اور پائیدار حل جنوبی ایشیا میں امن واستحکام کے لیے ناگزیر ہے۔ عالمی برادری، خصوصاً اقوام متحدہ اور یورپی یونین کو چاہیے کہ وہ کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے مؤثر کردار ادا کریں۔انہوں نے زور دیا کہ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور بین الاقوامی اصولوں کے مطابق اپنے سیاسی مستقبل کے تعین کا حق دیا جانا چاہیے۔تقریب کے دیگر مقررین میں ممتاز کشمیری رہنما چوہدری خالد جوشی، سردار صدیق اور راجہ خالد اور یورپی دانشور اندرے بارکس شامل تھے جبکہ نظامت کے فرائض ممتاز دانشور، شاعر اور صحافی چوہدری عمران ثاقب نے انجام دیئے۔تقریب کے دیگر شرکا میں سویڈن سے سابق رکن یورپی پارلیمنٹ بیورن ہولٹن، ممتاز دانشور راؤ مستجاب احمد، سماجی شخصیات کینتھ رائے، سلیم یمن، سید ناصر حسین شاہ، سید اسلم شاہ، مہر ندیم اور راجہ عبدالقیوم بھی شامل تھے۔تقریب سے خطاب کرنے والے مقررین نے بھی شہدائے جموں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ نومبر 1947ء کے المناک واقعات تاریخ کا ایک دردناک باب ہیں، جنہیں فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ان واقعات کی یاد منانے کا مقصد نہ صرف شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنا ہے بلکہ آنے والی نسلوں کو امن، انصاف، انسانی وقار اور بنیادی انسانی حقوق کی اہمیت سے آگاہ کرنا بھی ہے۔مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ مسئلہ کشمیر کو طاقت کے بجائے مذاکرات، انصاف اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق حل کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر توجہ دے اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔اس موقع پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ کشمیر کونسل ای یو یورپی اداروں، انسانی حقوق کی تنظیموں اور بین الاقوامی فورمز پر کشمیری عوام کے جائز حقوق کے لیے اپنی پرامن اور جمہوری کوششیں جاری رکھے گی۔تقریب کے شرکاء نے مطالبہ کیا کہ کشمیری عوام کے بنیادی انسانی حقوق کا احترام کیا جائے، ان کے حق خودارادیت کو تسلیم کیا جائے اور مسئلہ کشمیر کا ایسا منصفانہ، پرامن اور پائیدار حل تلاش کیا جائے جو کشمیری عوام کی امنگوں اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق ہو۔تقریب کے اختتام پر شہدائے جموں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ان کی یاد کو زندہ رکھا جائے گا اور امن، انصاف اور کشمیری عوام کے حقوق کے لیے آواز بلند کی جاتی رہے گی۔

بقیہ نمبر 18

سی ڈی اے ایئل سعید نے مزار پر عقیدت واحترام کا اظہار کرتے ہوئے سید شاہ عبداللطیف کاظمی المعروف حضرت امام بری سرکارؒ کی دینی، روحانی اور اصلاحی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو امن، استحکام اور ترقی کی راہ پر گامزن رکھے، ملک کو درپیش تمام مشکلات سے نجات عطا فرمائے اور پوری قوم کو اتحاد، اتفاق اور باہمی محبت کے ساتھ آگے بڑھنے کی توفیق دے۔ انہوں نے ملک کی سلامتی، قومی یکجہتی، عوام کی خوشحالی اور اداروں کی بہتری کے لیے بھی دعا کی۔مزار حضرت امام بری سرکارؒ اسلام آباد کی ایک اہم روحانی وتاریخی پہچان ہے، جہاں ملک بھر سے عقیدت مند حاضری دیتے اور اپنی عقیدت کا اظہار کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 19

کے منافی ہوگا۔انہوں نے کہا کہ یمن کی جانب سے پاکستان کو ثالثی کا کردار ادا کرنے کی پیشکش موجود ہے۔ میں نے وزیراعظم کو خط لکھا اور انہیں اس معاملے کی حساسیت سے آگاہ کیا۔ وزیر خارجہ سے بھی سوال کیا کہ جب ہم خود اس تنازعے میں ایک فریق بنتے دکھائی دے رہے ہیں تو پھر ثالثی کیسے کر سکتے ہیں؟ پاکستان کو کسی مسلمان ملک کے خلاف جنگ کا حصہ بنانے کے بجائے جنگ بندی، مذاکرات اور امن کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ آخر کس کی اجازت سے پاکستان کو اس تنازعے میں فریق بنایا جا رہا ہے؟ حکومت کو چاہیے کہ پاکستان کو اس دلدل سے باہر نکالے۔ علامہ راجہ ناصر عباس جعفری نے کہا کہ یمن کے عوام کو فلسطین کے مظلوموں کی حمایت اور اسرائیلی جارحیت کے خلاف آواز بلند کرنے کی سزا دی جا رہی ہے۔ یمن نے غزہ کے مظلوم عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا اور اسرائیلی مفادات کو چیلنج کیا۔ ہم یمن کے مظلوم عوام کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان پر ہونے والے مظالم کی مذمت کرتے ہیں، خواہ ان مظالم میں کوئی بھی طاقت ملوث ہو۔ پاکستان کو اپنی خارجہ پالیسی کسی دوسری ریاست کے مفادات کے تابع نہیں کرنی چاہیے۔

بقیہ نمبر 20

عامر نے کمپیوٹر انجینئر کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ پرنسپل، انتظامی اکاؤنٹنٹ، استقبالیہ سٹاف، کلاسز رومز، لیبارٹریز اور پلے ایریا سمیت بلڈنگ کے قرب وجوار کا علاقہ کو کیمرہ مانیٹرنگ کے طور پر تیار کیا جائے۔ کمروں کو کھڑکیاں ہوا دار، ایگزاسٹ اور بلڈنگ کی باؤنڈری بنائی جائے۔ مونٹیسوری رومز میں سمارٹ بورڈ ٹیکنالوجی سے بچوں کی تعلیمی بنیاد مضبوط بنائیں گے۔ اول جماعت سے بارہویں جماعت تک کمپیوٹر اور سائنس لیبارٹریز میں ملٹی میڈیا استعمال کرنے تیاری رکھی جائے۔ ادارے کے کچن اور کینٹین میں حفظان صحت کے بنیادی اصولوں کا خیال رکھا جائے۔ بچوں کے فلٹر کردہ پینے کا پانی استعمال کرنے کی سہولت دیں گے۔ سستی اور معیاری جدید اسلوب تعلیم متعارف کروائیں گے۔ پلے گروپ سے گیارہویں جماعت تک داخلے لیں گے۔لڑکوں اور لڑکیوں کی علیحدہ علیحدہ پورشن وائز کلاسز رکھی جائیں گی۔ مستقبل میں شام کی ٹیوشن کلاسز کے لئے کرئیر اکیڈمی بھی شروع کریں گے۔ مالک بلڈنگ امتیاز حسین نے کہا کہ کالج نقشے پر شاندار بلڈنگ بنانے میں ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔اہلیان علاقہ کے لئے بہترین معیار کا خیال رکھا جائے گا۔ جاوید انتظار نے کہا کہ طلباء کے مستقبل کو محفوظ اور کامیاب بنانے کیساتھ ساتھ اچھا مسلمان اور اچھا انسان بنائیں گے

بقیہ نمبر 21

مغربی ہندوستان میں مسلمانوں کے لیے ایک علیحدہ ریاست کا واضح تصور پیش کیا جو بعد میں قرارداد پاکستان 1940 کی بنیاد بنا اور بالآخر 1947 میں پاکستان کے قیام پر منتج ہوا۔ پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد نے کہا کہ اقبال نے نہ صرف پاکستان کا خواب دیکھا بلکہ اسے فکری، فلسفیانہ اور آئینی بنیاد بھی فراہم کی۔انہوں نے کہا کہ اقبال اور قائداعظم محمد علی جناح ایک ہی سکے کے دو رخ تھے۔ اقبال مفکر تھے اور جناح عمل اور اخلاص کا نمونہ تھے۔انہوں نے کہا کہ اقبال نے فکر دی اور جناح نے اسے سیاسی قیادت عطا کی۔اقبال نے ذہنوں کو بیدار کیا اور جناح نے قوم کو متحد کر کے تحریک پاکستان کی راہ پر ڈالا۔ انہوں نے کہا کہ اقبال نے قائداعظم کو کئی تاریخی خطوط لکھ کر انہیں لندن سے واپس آ کر مسلمانوں کی قیادت کرنے پر آمادہ کیا اور اقبال ہی کے اصرار پر جناح واپس آئے اور مسلم لیگ کی کمان سنبھالی۔ انہوں نے کہا کہ اقبال کے وژن اور جناح کی قیادت کے بغیر پاکستان کا قیام ممکن نہ تھا۔انہوں نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ اقبال کے پیغام خودی کو اپنا مشعل راہ بنائیں اور خودداری، محنت اور ایمانداری کے ساتھ اپنا اور اپنے ملک وقوم کا مستقبل سنوارنے کی جدوجہد کریں ۔ پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد نے کہا کہ اگر ہماری نوجوان نسل اقبال کا شاہین بن جائے تو دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو عظیم اور خوشحال ملک بننے سے نہیں روک سکتی۔انہوں نے کہا کہ انجمن فیض الاسلام قائد اور اقبال کے مشن کو جاری رکھتے ہوئے ہزاروں یتیم اور مستحق بچوں کو تعلیم اور اخلاقی تربیت فراہم کر رہی ہے تاکہ وہ پاکستان کے کارآمد شہری بن سکیں۔

بقیہ نمبر 22

اور مائننگ کی ویلیو چین سے تعلق رکھنے والی کمپنیوں، منصوبوں، مصنوعات، خدمات، سامان اور ٹیکنالوجیز کی نمائش کا انعقاد بھی کیا جائے گا۔ فورم کا مقصد پاکستان کے قیمتی معدنی ذخائر اور وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے معدنیات کے شعبے میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے۔ پاکستان کے وسیع معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کے لیے منرلز انویسٹمنٹ فورم کا انعقاد ایس آئی ایف سی کے تعاون سے کیا جا رہا ہے۔ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم سے عالمی تکنیکی شراکت داری، پالیسی اصلاحات، سرمایہ کاری اور پائیدار مائننگ کیلئے نئی راہیں کھلیں گی۔ صدر، پاکستان منرل انویسٹمنٹ فورم (پی ایم آئی ایف) احمد حیات لک نے کہا کہ 12 اور 13 نومبر کو اسلام آباد میں منعقد ہونے والے پاکستان منرل انویسٹمنٹ فورم 2026 میں شرکت کی دعوت دیتے ہیں۔

بقیہ نمبر 23

جمیل کاظمی، الحاج ملک افتخار محمد بشیر راجہ، سید ساجد نقوی راجہ جرار حیدر سمیت دیگر سیاسی، سماجی، صحافی اور عزیز واقارب کی کثیر تعداد میں شرکت، دل کی گہرائیوں سے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ آپ احباب نے میری خوشی میں شرکت فرمائی اور ہمیں عزت بخشی۔ ان خیالات کا اظہار دعوت ولیمہ کی تقریب کے دلہا راجہ عدنان بشیر نے تمام احباب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میں چوہدری عمران الیاس ایم پی اے، راجہ عابد پرویز، حافظ احمد رضا ڈپٹی اسپیکر کشمیر اسمبلی، چوہدری محمد ایاز سابق ایم پی اے، محمد بشیر راجہ سابق صدر پریس کلب اڈیالہ، راجہ حامد نواز سابق ناظم پوٹھوار، سید جمیل کاظمی، سید ساجد نقوی، ودیگر احباب اور فیملی کا تہہ دل سے مشکور ہوں، جنہوں نے اپنی بے حد مصروفیات میں سے قیمتی وقت نکال کر میری شادی میں شرکت کر کے میری خوشیوں کو دوبالا کیا۔ آپ احباب کی آمد میرے لیے باعث عزت و باعث فخر ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔

بقیہ نمبر 24

کا شیڈول جاری کر دیا، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ کے مختلف مقامات پر بجلی کے مختلف فیڈرز کی ضروری مرمت اور دیگر تکنیکی کاموں کے باعث ہزیکو مانسہرہ نے مختلف علاقوں میں بجلی بندش کا شیڈول جاری کر دیا ہے جس کے مطابق مانسہرہ شہر چھنی، چٹی گٹی، خاکی، پڑھینہ ٹھاکر میرا، قلندر آباد، ڈھوڈیال، شنکیاری، بفہ، لساں نواب، عطر شیشہ پیراں، مراد پور، انڈسٹریل اسٹیٹ، جے ایل اے، ہزارہ یونیورسٹی، پکھل اور منگلور کے علاقوں میں آئندہ 14 نومبر 21 نومبر اور 28 نومبر بجلی بند رہے گی جس کا دورانیہ صبح 9 بجے تا دن 2 بجے تک رہے گا ہزیکو مانسہرہ کے مطابق مزکورہ تاریخوں میں بجلی بند رہے گی جبکہ بجلی کی بحالی مقررہ وقت پر ہوگی۔

بقیہ نمبر 25

ڈائریکٹر انٹرنیشنل ٹریڈ اینڈ ریلیشن شپ لیاقت علی ٹھٹھال سمیت سیالکوٹ، اسلام آباد، راولپنڈی اور لاہور سے تعلق رکھنے والی کاروباری برادری کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان دوطرفہ تجارت کے نئے مواقع تلاش کرنے، سرمایہ کاری کے امکانات، کاروباری اداروں کے درمیان براہِ راست روابط (B2B)، تجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان مضبوط تجارتی روابط قائم کرنے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر آذربائیجان کے سفیر عرفان داؤدوف نے آذربائیجان کے ساتھ اقتصادی اور تجارتی تعلقات کے فروغ میں پاکستانی کاروباری برادری کی دلچسپی اور کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے دوطرفہ تجارتی روابط میں اضافے اور دونوں ممالک کے کاروباری اداروں کے درمیان مضبوط روابط قائم کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا خیرمقدم کیا۔ چیئرمین و چیف ایگزیکٹو آفیسر گلوبل ٹریڈ ایکسپو سینٹر پاکستان مظہر حسین ٹھٹھال نے سفیر کو پاکستان کی صنعتی، تجارتی اور برآمدی صلاحیتوں سے آگاہ کیا اور ان اہم شعبوں کی نشاندہی کی جہاں پاکستان اور آذربائیجان باہمی تعاون کو وسعت دے سکتے ہیں۔ انہوں نے عالمی تجارت کے فروغ، کاروباری اداروں کو ایک دوسرے سے منسلک کرنے، تجارتی وفود کے تبادلوں اور بین الاقوامی کاروباری شراکت داریوں کے قیام میں گلوبل ٹریڈ ایکسپو سینٹر پاکستان کے کردار پر بھی روشنی ڈالی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر انٹرنیشنل ٹریڈ اینڈ ریلیشن شپ لیاقت علی ٹھٹھال نے بھی دونوں ممالک کے درمیان تجارت کے ممکنہ شعبوں کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ دوطرفہ تجارتی حجم میں اضافے اور پائیدار کاروباری شراکت داریوں کے قیام کے لیے کاروباری وفود کے باقاعدہ تبادلے، کمپنیوں کے درمیان براہِ راست روابط اور ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دینا انتہائی اہم ہے۔ ملاقات کے اختتام پر پاکستان اور آذربائیجان کے اقتصادی و تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، نجی شعبے کے درمیان تعاون بڑھانے اور تجارت و سرمایہ کاری کے عملی مواقع تلاش کرنے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ نمبر 26

ساتھ ایک آگاہی سیشن منعقد کیا۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے پناہ کے جنرل سیکرٹری جناب ثناء اللہ گھمن نے پاکستان میں ذیابیطس، موٹاپے، امراض قلب اور دیگر غیر متعدی بیماریوں میں تشویشناک اضافے پر تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ بیماریاں ملک میں ہونے والی تقریباً 60 فیصد اموات کا سبب بنتی ہیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ چینی، نمک اور غیر صحت بخش چکنائی کی زیادہ مقدار پر مشتمل الٹرا پروسیسڈ مصنوعات کا ضرورت سے زیادہ استعمال، خصوصاً نوجوانوں میں، صحت عامہ کے اس بحران میں اضافے کا باعث بن رہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ غیر صحت بخش غذائی مصنوعات کی بڑھتی ہوئی دستیابی اور ان کی جارحانہ تشہیر کے باعث مؤثر عوامی صحت کی پالیسیوں کا نفاذ پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہو گیا ہے۔ جناب ثناء اللہ گھمن نے لازمی فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے وضاحت کی کہ واضح اور نمایاں وارننگ لیبلز صارفین کو ایسی غذائی مصنوعات کی شناخت میں مدد فراہم کرتے ہیں جن میں چینی، نمک اور غیر صحت بخش چکنائی کی مقدار مقررہ حد سے زیادہ ہوتی ہے، تاکہ وہ اپنی صحت کے لیے باخبر غذائی انتخاب کر سکیں۔ بین الاقوامی تجربات کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صارفین کے تحفظ اور صحت مند غذائی عادات کے فروغ کے لیے پاکستان کو لازمی وارننگ لیبلز متعارف کروانے کے لیے فوری اقدامات کرنے چاہئیں۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ اس پالیسی کی حمایت میں اپنی آواز بلند کریں اور صحت مند پاکستان کے لیے مؤثر کردار ادا کریں۔ یونیورسٹی آف صوابی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کلیم اللہ قریشی نے پناہ کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوان معاشرے میں بامعنی تبدیلی لانے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ صحت مند طرز زندگی اپنائیں، قدرتی اور غذائیت سے بھرپور غذاؤں کی طرف راغب ہوں اور قابل تدارک بیماریوں کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے کے لیے اپنی آواز استعمال کریں۔ ڈاکٹر رویدار علی شاہ، ڈائریکٹر او آر آئی سی (ORIC)، نے پناہ کے وفد کا خیر مقدم کیا اور صحت عامہ کے حوالے سے تعلیمی اداروں کو آگاہی اور وکالت کی سرگرمیوں میں شامل کرنے کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے یونیورسٹی آف صوابی اور پناہ کے درمیان مستقبل میں باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے میں بھی دلچسپی کا اظہار کیا۔ پناہ نے ملک بھر کی جامعات اور نوجوانوں کو اپنی مہم میں شامل کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ صارفین کے جاننے کے حق کو یقینی بنانے اور آنے والی نسلوں کو غیر صحت بخش غذاؤں کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کا لازمی نفاذ ناگزیر ہے

بقیہ نمبر 27

رکھنے والے افراد شرکت کریں گے۔ اس موقع پر شاعر مشرق علامہ محمد اقبالؒ کی قومی، ملی اور فکری خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا جبکہ ان کے فلسفۂ خودی، خود اعتمادی، قومی یکجہتی اور نوجوان نسل کے لیے دیے گئے پیغام کو اجاگر کیا جائے گا۔ تقریب کا مقصد نئی نسل میں فکر اقبال سے آگاہی، حب الوطنی اور قومی تشخص کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔ شہری حلقوں سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس قومی تقریب میں بھرپور شرکت کر کے اسے کامیاب بنائیں

بقیہ نمبر 28

کیے جا رہے ہیں۔ پیاز کا سرکاری نرخ 195 روپے فی کلو مقرر کیا گیا ہے، جبکہ مارکیٹ میں درجہ اول پیاز 220 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہے ہیں۔ مکس درجہ دوم پیاز کی قیمت 200 روپے فی کلو ہے۔ آلو کے سرکاری نرخ میں دو روپے کی کمی کے بعد قیمت 53 روپے فی کلو مقرر کی گئی ہے، تاہم مارکیٹ میں درجہ اول آلو 70 روپے فی کلو فروخت ہو رہے ہیں۔ سبز مرچ کا سرکاری نرخ 120 روپے مقرر کیا گیا ہے، جبکہ مارکیٹ میں 150 روپے فی کلو فروخت ہو رہی ہے۔ شملہ مرچ کا سرکاری نرخ 210 روپے ہے، تاہم صارفین کو 250 روپے فی کلو میں دستیاب ہے۔ ٹینڈے کا سرکاری نرخ 180 روپے مقرر کیا گیا ہے، جبکہ مارکیٹ میں 200 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہے ہیں۔ لہسن چائنہ کا سرکاری نرخ 440 روپے کے مقابلے میں مارکیٹ میں 500 روپے فی کلو فروخت ہو رہا ہے۔ اسی طرح تھائی لینڈ سے درآمد شدہ ادرک کا سرکاری نرخ 355 روپے مقرر ہے، جبکہ مارکیٹ میں قیمت 400 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے۔ پھول گوبھی کا سرکاری نرخ 100 روپے مقرر کیا گیا ہے، جبکہ مارکیٹ میں 120 روپے فی کلو فروخت ہو رہی ہے۔ بھنڈی کا سرکاری نرخ 150 روپے ہے، تاہم مارکیٹ میں 180 روپے فی کلو فروخت کی جا رہی ہے۔ گھیا کدو کا سرکاری نرخ 160 روپے کے مقابلے میں مارکیٹ میں 180 روپے فی کلو فروخت ہو رہا ہے، جبکہ کریلے کا سرکاری نرخ 130 روپے مقرر ہونے کے باوجود مارکیٹ میں 150 روپے فی کلو فروخت کیے جا رہے ہیں۔ دیگر سبزیوں میں ساگ اور پالک 50 سے 60 روپے فی کلو، مولی 60 روپے، شلجم 120 روپے اور اروی 120 روپے فی کلو فروخت ہو رہی ہے۔

بقیہ نمبر 29

کے بعد پولیس نے فائرنگ کر کے مشتبہ شخص کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ واقعے میں زخمی ہونے والوں میں 2 پولیس اہلکار بھی شامل ہیں جو مسلح شخص کے ساتھ ہونے والے فائرنگ کے تبادلے میں زخمی ہوئے۔ پولیس کے مطابق حملہ آور نے فوجی طرز کے کپڑے پہن رکھے تھے اور اس کے پاس فوجی طرز کے ہتھیار موجود تھے۔ پولیس نے بتایا کہ مبینہ حملہ آور 24 سالہ پولش شہری ہے۔ پولیس نے فی الحال فائرنگ کے اس واقعے کے محرکات کا ذکر نہیں کیا۔ پولیس کے مطابق انہیں مقامی وقت کے مطابق دوپہر تقریباً 3 بجے یہ اطلاعات ملنا شروع ہوئیں کہ ایک حملہ آور نے کار سے فائرنگ شروع کر دی ہے اور وہ لوگوں پر اندھا دھند گولیاں برسا رہا ہے۔ مقامی پولیس کی ترجمان نے بتایا کہ حملہ آور نے فوجی طرز کے کپڑے پہن رکھے تھے اور فوجی ہتھیار استعمال کیے۔ اس کی گاڑی سے متعدد ہتھیار اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 30

اتحاد کے چیئرمین حاجی محمد افضل خاں میو نے کی۔ بابرکت تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک اور بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں گلدستۂ نعت پیش کر کے کیا گیا۔ اس اہم ترین اجلاس کے ایجنڈے میں پنجاب میں تنظیم کے اندرونی امور، اتحاد و یگانگت کی بحالی، جنرل سیکرٹری کے استعفے کا حساس معاملہ اور لاہور و قصور سمیت صوبائی سطح کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ شامل تھا۔ اجلاس کے دوران تنظیم کی مرکزی قیادت، بالخصوص چیئرمین حاجی محمد افضل خاں میو اور کراچی سے تشریف لائے ہوئے سینئر وائس چیئرمین شمس العارفین میو نے جنرل سیکرٹری پنجاب کے حوالے سے تمام تر ابہام کو ختم کرتے ہوئے واضح اور حتمی موقف اختیار کیا۔ مرکزی قیادت نے اعلان کیا کہ چوہدری آفتاب اختر میو کا استعفیٰ سرے سے قبول ہی نہیں کیا گیا تھا، لہٰذا وہ بحیثیت جنرل سیکرٹری پنجاب اپنے عہدے پر قائم ودائم ہیں اور اپنی تنظیمی ذمہ داریاں پہلے کی طرح جاری رکھیں گے۔ اس موقع پر جنرل سیکرٹری چوہدری آفتاب اختر میو نے پنجاب اور بالخصوص لاہور کابینہ کی گزشتہ سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کی، جسے تمام شرکاء نے بے حد سراہا اور ان کی کاوشوں کی بھرپور پذیرائی کی۔ تنظیمی امور کو مزید فعال اور منظم بنانے کے لیے اجلاس میں کھلے دل سے تبادلہ خیال کیا گیا، جہاں شرکاء نے اپنے تحفظات اور تعمیری تجاویز پیش کیں۔ تمام آراء کو بغور سننے کے بعد چیئرمین حاجی محمد افضل خاں میو نے بصیرت افروز فیصلہ سناتے ہوئے اعلان کیا کہ وہ پورے پاکستان کی موجودہ مرکزی کابینہ کو تحلیل کر رہے ہیں، تاکہ اسے نئے عزم اور جدید تقاضوں کے مطابق دوبارہ تشکیل دیا جاسکے۔ انہوں نے مزید واضح کیا کہ نئی مرکزی کابینہ میں پنجاب سمیت ملک بھر کے ان تمام صوبوں اور علاقوں کی قیادت کو متناسب نمائندگی دی جائے گی جہاں میو برادری کی اکثریت آباد ہے، تاکہ قومی سطح پر کمیونٹی کے اتحاد اور مفادات کو مضبوط بنایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 31

خلاف ورزی کی، وزٹ کے دوران عوام بالخصوص طلبہ کو پریشانی نہیں ہونی چاہیے۔ ڈی سی جہلم میر رضا کو ہٹانے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا جبکہ عاصمہ اعجاز کو ڈی سی جہلم تعینات کر دیا گیا، انہیں محکمہ داخلہ سے تبدیل کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے مریم نواز کا مزید کہنا تھا کہ وی آئی پی وزٹ کے دوران مارکیٹ، دکان یا کاروبار بند نہ کیے جائیں، سکیورٹی کے نام پر شہریوں کی آمد و رفت پر پابندی نہ لگائی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ وی آئی پی دورہ کسی کاروباری سرگرمی کی بندش کا سبب نہیں بننا چاہیے، کسی رہائشی گلی کو بند یا سیل نہ کیا جائے، احکامات کی خلاف ورزی پر کارروائی کی جائے گی، سابق ڈی سی کا کہنا ہے کہ طلبہ کو پریشانی سے بچانے کے لئے کمپیوٹر سائنس کا پرچہ ملتوی کیا تھا۔ کنٹرولر امتحانات کا کہنا ہے کہ کمپیوٹر سائنس پرچہ ڈیٹ شیٹ کے مطابق 10 نومبر کو ہوگا

بقیہ نمبر 32

میں 35 خواتین بھی شامل ہیں، یہ جوان فیڈرل کانسٹیبلری کے نئے قائم ہونے والے اسپیشل پروٹیکشن ونگ اور اینٹی رائٹ ونگ کا حصہ بن چکے ہیں، جو ملکی تاریخ میں ایک منفرد اور اہم سنگ میل ہے، اس پاس آؤٹ پریڈ کی خاص بات اس میں ملک کے تمام حصوں یعنی چاروں صوبوں کے ساتھ ساتھ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے نوجوانوں اور بالخصوص خواتین کی بھرپور شمولیت تھی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سخت وارننگ جاری کی کہ جو عناصر ریاست کے خلاف زہر اگلتے ہیں، توڑ پھوڑ میں ملوث ہیں اور عام الناس کو حکومت کے خلاف بغاوت پر اکساتے ہیں، ان سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا اور قانون شکنی کرنے والوں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے قانون کی بالادستی کو ہر قیمت پر یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کیا وزیر داخلہ نے فیڈرل کانسٹیبلری کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایف سی ہمیشہ ملک میں امن کے قیام کے لئے ہمیشہ پہلی صف میں رہی ہے، یہ فورس دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن آپریشنز، اہم سرکاری تنصیبات کی حفاظت، قومی سطح کے ترقیاتی منصوبوں کی سکیورٹی اور ملک بھر میں امن و امان کی بحالی کے فرائض انتہائی جرات اور بہادری کے ساتھ سرانجام دے رہی ہے۔ پاس آؤٹ ہونے والے نئے جوانوں سے مخاطب ہوتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ وہ پہلی مرتبہ وفاقی حکومت کے لئے اسپیشل پروٹیکشن ونگ اور اینٹی رائٹ ونگ کی ذمہ داریاں سنبھال رہے ہیں، جو کہ ایک انتہائی اہم اور تاریخی مشن ہے، انہوں نے جوانوں پر زور دیا کہ ان کے کندھوں پر ریاست کے تحفظ اور قانون وآئین کی پاسداری کی بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے، جسے انہیں پوری دیانت داری اور پیشہ ورانہ مہارت سے نبھانا ہوگا۔

بقیہ نمبر 33

بنائی ہے جن کا براہ راست فائدہ عوام کو پہنچے

بقیہ نمبر 34

۔ یہ مالی معاونت خیرات نہیں بلکہ مستحق افراد کا حق ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے وژن کے مطابق بی آئی ایس پی شفاف انداز میں کام کر رہا ہے اور اس کی باقاعدہ نگرانی کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی آئی ایس پی پر بے جا تنقید کرنے والے بعض اداروں اور جماعتوں کے چندہ جمع کرنے کے نظام میں آڈٹ اور جوابدہی کا نظام موجود نہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی شناختی کارڈ شہید ذوالفقار علی بھٹو کا عوام کے لیے عظیم تحفہ ہے۔ بی آئی ایس پی کی بدولت خیبر پختونخوا سمیت ملک بھر میں بڑی تعداد میں خواتین شناختی کارڈ بنوا کر پروگرام میں رجسٹرڈ ہوئی اور ہو رہی ہیں۔ چیئرپرسن نے کہا کہ خواتین کو مزید بااختیار بنانے کے لئے بینظیر ہنرمند پروگرام کے تحت مستفید خاندانوں، بالخصوص خواتین اور نوجوانوں کو مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق فنی و پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جائے گی تاکہ وہ روزگار کے بہتر مواقع حاصل کر کے معاشی طور پر خودمختار بن سکیں۔ انہوں نے بتایا کہ بینظیر تعلیمی وظائف پروگرام سے ایک کروڑ 20 لاکھ بچے جبکہ بینظیر نشوونما پروگرام کے تحت 22 لاکھ خواتین مستفید ہو رہی ہیں۔ سول سوسائٹی کی خواتین نمائندگان سے ملاقات میں انہوں نے مسائل اور شکایات سنیں اور متعلقہ افسران کو ترجیحی بنیادوں پر ان کے حل کی ہدایت کی۔ ڈیجیٹل والٹ نظام پر بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ 1LINK کے ذریعے انٹرآپریبلٹی کی سہولت کے تحت خواتین کسی ایک بینک یا علاقے تک محدود نہیں ہوں گی بلکہ ملک بھر میں شریک بینکوں کے مجاز ریٹیلرز سے رقم وصول کر سکیں گی۔ اس سے ادائیگیوں میں شفافیت، سہولت اور مالی شمولیت کو فروغ ملے گا۔ اس موقع پر ایم پی ایز حاجی تاج محمد ملاح، میر اللہ بخش ٹالپر، ارباب امان اللہ، تنزیلہ ام حبیبہ قمبرانی اور بی بی یاسمین شاہ سمیت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کاشف رضا منگی، ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر سرفراز سموں، بی آئی ایس پی افسر عبدالقدیر مہیسر، سول سوسائٹی اور بلدیاتی نمائندگان بھی موجود تھے

بقیہ نمبر 35

کہا کہ اینکر پرسن ربیعہ احسن کا قتل نہیں رپورٹ ہوا ہے، ربیعہ احسن کی لاش بیڈ روم سے ملی ہے، اینکر پرسن کو سامنے سے گردن کے نیچے 1 گولی لگی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے قتل کی تفتیش شروع کر دی ہے، پنجاب فرانزک سائنس لیبارٹری کی ٹیم بھی موقع پر آئی ہے، ہم نے جائے وقوعہ سے قتل میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کر لیا ہے، پولیس نے مقتولہ اینکر کے شوہر احسن کو گرفتار کر لیا ہے، شواہد جمع کر رہے ہیں ایف آئی آر درج کریں گے۔ ترجمان راولپنڈی نے کہا کہ مقتولہ کے شوہر کو تحویل میں لے لیا گیا، آلۂ قتل بھی قبضہ میں لیا گیا ہے، پی ایف ایس اے ٹیمز موقعہ سے شواہد اٹھا رہی ہیں، لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کیا جا رہا ہے، واقعہ کا مقدمہ درج کیا جا رہا ہے، میرٹ پر تفتیش کو یقینی بنایا جائے گا۔ قاتل شوہر احسن نے پولیس کو ابتدائی بیان دے دیا، ملزم اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن میں 18 ویں گریڈ کا ملازم ہے، پولیس ذرائع نے کہا کہ مقتولہ کی 2 بیٹیاں ہیں، مقتولہ اینکر پرسن کا اسلام آباد میں سیلون بھی ہے، ربیعہ اور احسن نے پسند کی شادی کی تھی۔ پولیس ذرائع نے کہا کہ راولپنڈی دونوں میاں بیوی میں کسی قسم کی ناچاقی نہیں تھی، قتل کے وقت مقتولہ کی ماں اور بہنیں بھی موجود تھیں۔ ملزم نے ابتدائی بیان بھی پولیس کو دے دیا جس میں کہا کہ حادثاتی طور پر گولی چلی، جو ربیعہ کو جا لگی، راولپنڈی پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے

بقیہ نمبر 36

یونیورسٹی آف لاہور، یونیورسٹی آف سینٹرل پنجاب اور کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کا دورہ کیا جہاں طلبہ اور فیکلٹی ممبران کے ساتھ خصوصی نشستوں کا اہتمام کیا گیا۔ نشستوں کے دوران طلبہ اور اساتذہ نے ڈی جی آئی ایس پی آر کے ساتھ کھل کر اپنے خیالات کا اظہار کیا اور مختلف امور پر سوالات کیے جن کے ترجمان پاک فوج نے مدلل اور جامع جوابات دیے۔ اس موقع پر قومی و بین الاقوامی معاملات، افغانستان سمیت خطے کی جیو پولیٹیکل صورت حال اور امن کے قیام میں پاک فوج کے کردار پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔

بقیہ نمبر 37

تاکہ کسی بھی صورتحال میں ہتھیاروں کی تیاری کا سلسلہ جاری رکھا جا سکے۔ نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بریگیڈیئر جنرل حسین محبی کا کہنا تھا کہ ایران نے اپنے میزائل اور ڈرون پروگرام کا ڈھانچہ اس انداز میں ترتیب دیا ہے کہ دشمن کی ممکنہ کارروائیاں اس کی پیداواری صلاحیت کو متاثر نہ کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ دشمن ماضی میں بھی ایران کو میزائل بنانے سے نہیں روک سکا

بقیہ نمبر 38

انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ علامہ اقبالؒ ایک عظیم مفکر، بصیرت افروز فلسفی اور دور اندیش رہنما تھے، جنہوں نے برصغیر کے مسلمانوں میں سیاسی شعور بیدار کیا اور قیام پاکستان کی فکری بنیادیں استوار کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ علامہ اقبالؒ کا فلسفۂ خودی، خودداری، اتحاد اور عمل پیہم آج بھی ہماری قومی زندگی کے لیے رہنمائی کا سرچشمہ ہے۔ ان کا تصور قوم ایک ایسے معاشرے کی عکاسی کرتا ہے جو علم و شعور سے آراستہ، اعلیٰ اخلاقی اقدار کا حامل، انصاف کا علمبردار اور اجتماعی ترقی کے عزم سے سرشار ہو۔

بقیہ نمبر 39

عرب کی جانب داغا گیا بیلسٹک میزائل دفاعی نظام نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے فضا میں ہی روک لیا۔ میزائل حملے کے بعد دمام، الاحساء اور ابقیق میں خطرے کے الرٹ جاری کیے گئے تھے ،سعودی سول ڈیفنس نے تینوں شہروں میں خطرہ ٹلنے کا اعلان کرتے ہوئے الرٹ واپس لے لیے

بقیہ نمبر 40

کی 17 ہزار خالی آسامیاں پُر کرنے، سی ٹی ڈی کی استعداد 12 فیصد سے بڑھا کر 37 فیصد اور پولیس کی مجموعی استعداد 75 فیصد تک لے جانے کا منصوبہ تیار کر لیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق، پولیس کو درپیش افرادی قوت، مالی وسائل اور جدید ٹیکنالوجی کی کمی دور کرنے کیلئے تقریباً 70 ارب روپے خرچ کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ نئے مجوزہ نظام کے تحت خیبر پختونخوا میں دہشتگردوں کے ٹرائل کیلئے فیس لیس عدالتیں قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ججوں، گواہوں، پولیس اہلکاروں اور دیگر متعلقہ افراد کی شناخت خفیہ رکھی جائیگی تاکہ انہیں دہشتگردوں یا ان کے نیٹ ورک کی جانب سے ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھا جا سکے۔

بقیہ نمبر 41

ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر ٹیکنالوجی کو اخلاقی اصولوں اور انسانی اقدار کے تابع نہ رکھا گیا تو معاشرہ اپنی انسانیت کھو سکتا ہے اور دنیا مشینوں کی ایسی جنت میں تبدیل ہو سکتی ہے جہاں انسانی وقار اور اہمیت پس منظر میں چلے جائیں۔ خبر رساں ادارے ایسوسی ایٹڈ پریس کے مطابق پوپ لیو نے یہ بیان فرانس کے دورے کے دوران پیرس میں فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون اور دیگر سرکاری وسفارتی شخصیات سے خطاب کرتے ہوئے دیا۔ پوپ لیو کا کہنا تھا کہ ایک عجیب تضاد سامنے آ رہا ہے، جہاں کمپیوٹر سسٹمز کو ذہانت کا حامل سمجھا جا رہا ہے، لیکن دوسری جانب انسانوں کے ناقابل تنسیخ وقار کو تسلیم کرنے میں مشکلات پیدا ہو رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 42

149 ویں یوم ولادت کے موقع پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ علامہ اقبالؒ کی شاعری، فلسفہ اور فکری ورثے نے برصغیر کے مسلمانوں میں خودداری، آزادی، اتحاد اور قومی شعور کے جذبات بیدار کیے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ علامہ محمد اقبالؒ ایک عظیم شاعر ہی نہیں بلکہ ایک دور اندیش مفکر بھی تھے، جن کے افکار نے برصغیر کے مسلمانوں کی فکری اور سیاسی بیداری میں گہرا کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبالؒ کے تاریخی خطبۂ الٰہ آباد نے ایک ایسی سیاسی فکر اور تصورِ مملکت کو واضح کیا جو بالآخر قیام پاکستان کی جدوجہد کی اہم فکری بنیاد بنا

بقیہ نمبر 43

بند رہیں گے، تفصیلات کے مطابق آج 9 نومبر کو ملک بھر میں شاعر مشرق حضرت علامہ محمد اقبال کا یوم پیدائش منایا جا رہا ہے اور حکومتی اعلانیہ کے مطابق آج ملک میں عام تعطیل ہے تمام سرکاری و نجی دفاتر بند رہیں گے اور سرکاری ملازمین کو چھٹی ہوگی جبکہ ملک بھر میں تمام تعلیمی ادارے سکولز کالجز اور یونیورسٹیاں بھی بند رہیں گی وفاقی حکومت نے ملک میں پہلی بار اقبال ڈے کے موقع پر عام تعطیل کا اعلان کیا ہے

بقیہ نمبر 44

گوتریس نے فلسطینی پناہ گزینوں کیلئے اقوام متحدہ کے امدادی ادارے انروا کے تحفظ اور اس کی امدادی سرگرمیاں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے ادارے کیلئے مکمل فنڈنگ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ نمبر 45

انہیں یہ ذمہ داری اسرائیل کے صدر آئزک ہرزوگ نے سونپی ہے۔ اسرائیلی صدر آئزک ہرزوگ نے سنیچر کے روز سبکدوش ہونے والے وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کے مضبوط ترین حریف گاڈی آئزن کوٹ کو نئی حکومت تشکیل دینے کی ذمہ داری سونپ دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں سے مشاورت کے بعد کیا گیا۔

بقیہ نمبر 46

حافظ نعیم الرحمن نے مشرق وسطیٰ اور جنوبی ایشیا کی صورتحال، ایران امریکہ کشیدگی، مکہ دفاعی معاہدے، یمن کے بحران اور پاکستان افغانستان تعلقات پر خیالات کا اظہار کیا۔ ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حملوں کا ذکر کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ آٹھ ماہ سے زیادہ عرصہ گزرنے کے باوجود ایران میں عوامی بغاوت کے ذریعے حکومت تبدیل کرنے کی امریکی توقع پوری نہیں ہوئی۔ پاکستان نے جون 2026 میں سفارتی کردار ادا کرتے ہوئے تہران اور واشنگٹن کو اسلام آباد میں مذاکرات کی میز پر لانے کی کوشش کی اور دونوں ممالک کے درمیان طے پانے والی مفاہمت خطے میں کشیدگی ختم کرنے کی ایک اہم پیش رفت تھی۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ میں صیہونی لابی اور اسلحہ ساز صنعت اس قدر طاقتور ہیں کہ امریکی حکومت اپنے عوام کی خواہشات کے مطابق فیصلے نہیں کر پاتی

بقیہ نمبر 47

ایگریکلچر لون اسکیموں کے تحت ذاتی قرضوں کی حد 75 لاکھ روپے سے بڑھا کر ڈھائی کروڑ روپے کر دی گئی ہے جو آسان اقساط پر فراہم کیے جائیں گے، رواں سال ان اسکیموں کے تحت نوجوانوں کو قرضوں کی فراہمی کے لیے مجموعی طور پر 292 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ وزیراعظم نے نوجوانوں کے لیے کاروباری اور زرعی سرگرمیوں میں مالی معاونت کے مؤثر انتظامات پر وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہا۔ اجلاس میں نوجوانوں کو بااختیار بنانے، کاروبار کے مواقع فراہم کرنے اور زرعی شعبے میں ان کی شمولیت بڑھانے کے حوالے سے مختلف اقدامات پر غور کیا گیا۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ قرضوں کی فراہمی کے پروگرام میں خواتین کے لیے 30 فیصد قرضے مختص کیے جائیں تاکہ انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانے اور کاروباری سرگرمیوں میں ان کی شمولیت بڑھانے کے مواقع میسر آئیں۔ وزیراعظم نے نوجوانوں کے لیے قرض حاصل کرنے کی کم از کم عمر کی حد 21 سال سے کم کر کے 18 سال کرنے کی ہدایت کی تاکہ نوجوانوں کو کم عمری میں ہی کاروبار شروع کرنے اور زرعی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ اسمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) نوجوانوں کو کاروبار کے آغاز، رہنمائی، کاروباری مشاورت اور تکنیکی معاونت سمیت اسکیم کے تحت ہر ممکن معاونت فراہم کرے۔ وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو نوجوانوں میں ان اسکیموں، دستیاب مواقع اور حکومتی اقدامات سے متعلق ملک گیر سطح پر وسیع پیمانے پر آگاہی مہم چلانے کی ہدایت کی تاکہ زیادہ سے زیادہ نوجوان ان سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے، ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور انہیں باعزت و پیداواری روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ بریفنگ میں وزیراعظم کو بتایا گیا کہ جنوری 2023ء سے لے کر اب تک 581341 نوجوانوں کو قرضہ فراہم کیا گیا ہے جو کہ پچھلے دس سال کی بہ نسبت 10 گنا زیادہ ہے، اس دوران 9,313 ارب روپے کے قرضہ جات دیے جا چکے ہیں، 2026-27ء کے دوران 266700 نوجوانوں کو 292 بلین قرضہ دینے کا تخمینہ ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب، وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے امور نوجوانان رانا مشہود احمد خان اور وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے سیاسی امور طلحہ برکی نے شرکت کی۔



راولپنڈی، پارلیمانی سیکرٹری ڈاکٹر نیلسن عظیم ودیگر یوم اقبال بارے تقریب میں کیک کاٹ رہے

وکلاء برادری کی خدمات کسی سے کم نہیں، خالد نواز سدھر آنچ

عدالتوں کے اندر اور باہر وکلاء نے ہر جگہ عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے موثر آواز اٹھائی


راولپنڈی.. خالد نواز سدھر آنچ سے اختر رسول، میاں فرخ اقبال ودیگر ملاقات کر رہے ہیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کسان ونگ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات خالد نواز سدھر آنچ نے کہا ہے کہ آئین، قانون اور انصاف کی بالادستی کیلئے وکلاء برادری کی خدمات کسی سے کم نہیں ہیں، عدالتوں کے اندر اور باہر وکلاء نے ہر جگہ عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے موثر آواز اٹھائی اور جمہوریت کی بالادستی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

سردار ارشد رفیق کے ختم چہلم کی تقریب

پیر اجمل رضا قادری کا خصوصی بیان

راولپنڈی (پ ر) راولپنڈی بحریہ فیڈرون حضرت میجر پیر سردار محمد رفیق خان قادریؒ کے صاحبزادے اکبر سردار ارشد رفیق مرحوم کے ختم چہلم کی تقریب دربار عالیہ غوثیہ قادریہ میں نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ منعقد ہوئی۔ اس پُروقار تقریب میں خصوصی بیان پیر محمد اجمل رضا قادری نے فرمایا، جبکہ ختم کی دعا سجادہ نشین دربار عالیہ غوثیہ قادریہ، صاحبزادہ پیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)


راولپنڈی، سردار ارشد رفیق کے ختم چہلم کی تقریب کے اختتام پر صاحبزادہ پیر رضا محی الدین دعا کرا رہے ہیں اس موقع پر صدر آزاد کشمیر نجیب نقوی ودیگر موجود ہیں

انسداد پولیو مہم 97 اضلاع میں 2 کروڑ 38 لاکھ بچوں کو قطرے پلائے گئے

2 لاکھ سے زائد فرنٹ لائن ورکرز شریک

وائرس کے خاتمے کے لیے 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو قطرے پلانے کے ہدف کے ساتھ سات روزہ مہم شروع کی گئی تھی

والدین بچوں کی باقاعدہ حفاظتی ٹیکہ جات کی روٹین مہم کو مکمل کریں اور یاد رکھیں کہ پولیو کا کوئی علاج نہیں، این ای او سی

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان کے صحت حکام کے مطابق ملک بھر کے 97 اضلاع میں جاری چھ روزہ ڈیلی انسدادِ پولیو مہم کے دوران اب تک 2 کروڑ 38 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جا چکے ہیں۔ پاکستان میں معذوری کا سبب بننے والے اس مہلک وائرس کے خاتمے کے لیے 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو قطرے پلانے کے ہدف کے ساتھ سات روزہ مہم شروع کی گئی تھی۔ پولیو ایک انتہائی متعدی اور لاعلاج بیماری ہے جو مستقل معذوری اور بعض اوقات موت کا باعث بن سکتی ہے، جس سے صرف اور صرف محفوظ اور موثر ویکسین کے ذریعے ہی بچاؤ ممکن ہے۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (NEOC) کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق، اس مہم میں 2 لاکھ سے زائد فرنٹ لائن پولیو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

صحافی رابعہ احسن کا قتل انتہائی افسوسناک، نصر اللہ رندھاوا

واقعے کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داروں کو قرار واقعی سزا دی جائے



اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا نے نجی ٹی وی چینل کی اینکر پرسن رابعہ احسن کے قتل پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ انتہائی افسوسناک اور معاشرے کے لیے لمحۂ فکریہ ہے۔ ایک خاتون صحافی کا اپنے گھر میں قتل ہونا خواتین کے تحفظ اور قانون کی عملداری پر سنگین سوالات اٹھاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

ITP کا انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی میں روڈ سیفٹی آگاہی سیشن

طلبہ کو ٹریفک قوانین، محفوظ ڈرائیونگ اور ڈرائیونگ لائسنس کے قانونی تقاضوں سے آگاہ کیا گیا



اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) اسلام آباد ٹریفک پولیس کا انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی میں روڈ سیفٹی آگاہی سیشن۔ طلبہ کو ٹریفک قوانین، محفوظ ڈرائیونگ اور ڈرائیونگ لائسنس کے قانونی تقاضوں سے آگاہ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ایجوکیشن ونگ نے انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد میں طلبہ کے لیے ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی سے متعلق آگاہی سیشن کا انعقاد کیا۔ سیشن کے دوران طلبہ کو ٹریفک قوانین کی پابندی، محفوظ ڈرائیونگ اور سڑکوں پر

سپر نووا اسکولز کی 800 ہونہار طلبہ کے اعزاز میں پروقار تقریب

سابق وزیر اعظم، سابق صدر آزاد کشمیر اور دیگر ممتاز شخصیات کی شرکت



اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سپر نووا اسکولز کے زیر اہتمام سالانہ ہائی اچیورز تقریب 2026 ہفتہ، 7 نومبر کو جناح آڈیٹوریم، نسٹ یونیورسٹی، اسلام آباد میں منعقد ہوئی، جس میں جون 2026 کے کیمبرج امتحانات میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے والے طلبہ کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

2 حلقوں پر مشتمل سیاروی ملبے والا سفید بونا ستارہ دریافت کر لیا گیا

ہیوسٹن (آئی این پی) ماہرینِ فلکیات نے ملکی وے کہکشاں میں ایک ایسا سفید بونا ستارہ دریافت کیا ہے جس کے گرد سیاروں کا ملبہ 2 الگ الگ حلقوں کی شکل میں گردش کر رہا ہے۔ سائنسدانوں کے مطابق یہ غیر معمولی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

پیپلز پارٹی پی کے 39 کے صدر بنارس خان غازی کی طرف سے تعارفی پروگرام کا انعقاد

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی پی کے 39 کے صدر بنارس خان غازی کی طرف سے ایک شاندار تعارفی پروگرام کا انعقاد کیا گیا صدر ضلع مانسہرہ سید نادر علی ترمذی نے مہمان خصوصی کے طور پہ شرکت کی پروگرام کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

کاغان کے پہاڑ برف سے ڈھک گئے، سردی کی شدت میں اضافہ

سوات (آئی این پی) وادی کاغان میں برفباری سیپہاڑوں نے سفید چادر اوڑھ لی اور یخ بستہ ہوائیں چلنے سے سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا۔ بابوسر ٹاپ پر تقریباً 3 انچ جبکہ لولوسر جھیل اور دیگر بالائی مقامات پر 2 انچ تک برفباری ریکارڈ کی گئی، جس سے پہاڑوں نے سفید چادر اوڑھ لی۔

راولپنڈی میں کسانوں کی رہنمائی کیلئے آگاہی مہم کا انعقاد

جدید زرعی ٹیکنالوجی اپنا کر فصلوں کی پیداوار کو بہتر بنا رہے ہیں، وی سی بارانی یونیورسٹی

اسلام آباد (پ ر) پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی اور ڈائریکٹوریٹ آف ایگریکلچر ایکسٹینشن کے اشتراک سے گاؤں پیال، روات، ضلع راولپنڈی میں کسانوں کی رہنمائی اور گندم کی پیداوار میں اضافے کے لیے خصوصی آگاہی مہم کا انعقاد کیا گیا۔ مہم کا مقصد کسانوں کو جدید زرعی طریقوں، جدید ٹیکنالوجی اور بہتر پیداواری حکمت عملیوں سے آگاہ کرنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) اسلام آباد ٹریفک پولیس کا انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد میں طلبہ کے آگاہی سیشن۔ طلبہ کو ٹریفک قوانین، محفوظ ڈرائیونگ اور ڈرائیونگ لائسنس کے قانونی تقاضوں سے آگاہ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق


وائس چانسلر بارانی یونیورسٹی راولپنڈی پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان ودیگر گندم کی پیداواری مہم کے دوران کسانوں سے خطاب کر رہے ہیں

منرلز انویسٹمنٹ فورم 12 اور 13 نومبر کو اسلام آباد میں ہوگا

پاکستان میزبانی کا سرمایہ کاری کیلئے تیار

معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کے لیے منرلز انویسٹمنٹ فورم کا انعقاد ایس آئی ایف سی کے تعاون سے ہوگا، تیاریاں مکمل

منرلز انویسٹمنٹ فورم میں ملکی سیاسی وعسکری قیادت، عالمی مائننگ ایگزیکٹوز، سرمایہ کار، پالیسی ساز، ماہرین شرکت کریں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بے پناہ معدنی ذخائر اور وسیع مواقع کی بدولت پاکستان عالمی مائننگ کمپنیوں کی میزبانی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے تیار ہے۔ پاکستان کے معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کے لیے منرلز انویسٹمنٹ فورم کا انعقاد ایس آئی ایف سی کے تعاون سے کیا جا رہا ہے۔ وسیع معدنی وسائل سے فائدہ اٹھانے کیلئے پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 12 اور 13 نومبر کو اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم میں ملکی سیاسی و عسکری قیادت سمیت عالمی مائننگ ایگزیکٹوز، سرمایہ کار، پالیسی ساز اور ماہرین شرکت کریں گے۔ معدنیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

آذربائیجان کے سفیر سے مظہر حسین ٹھٹھال سے ملاقات

دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور مشترکہ تجارتی مواقع بڑھانے پر تبادلہ خیال

سیالکوٹ، اسلام آباد، راولپنڈی اور لاہور کی کاروباری شخصیات کی شرکت



اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان دوطرفہ تجارت اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے آذربائیجان کے پاکستان میں سفیر عرفان داؤدوف نے اسلام آباد میں آذربائیجان کے سفارت خانے میں گلوبل ٹریڈ ایکسپو سینٹر پاکستان کے چیئرمین و چیف ایگزیکٹو آفیسر مظہر حسین ٹھٹھال سے ملاقات کی۔ ملاقات میں آذربائیجان کے سفارت خانے کے ڈپٹی ہیڈ آف مشن سمیر احمدی، گلوبل ٹریڈ ایکسپو سینٹر پاکستان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

راجہ عدنان بشیر رشتہ ازدواج میں منسلک

اڈیالہ (نامہ نگار) راجہ عدنان بشیر رشتہ ازدواج میں منسلک۔ دعوت ولیمہ سیاسی اجتماع میں تبدیل، چوہدری عمران الیاس ایم پی اے، راجہ عابد پرویز، حافظ احمد رضا ڈپٹی اسپیکر کشمیر اسمبلی، چوہدری محمد ایاز ایم پی اے، راجہ حامد نواز سابق ناظم پوٹھوہار، سید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

مانسہرہ، 14، 21 اور 28 نومبر کو بجلی بند رہے گی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ مختلف الیکٹرک فیڈرز پر ضروری مرمت وتکنیکی کام، 14 و 21 اور 28 نومبر کو بجلی بند رہے گی، ہزیکو مانسہرہ نے مختلف علاقوں میں بجلی بندش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

یوم اقبال، بلدیہ گوجر خان میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوگی

گوجر خان (بیورو رپورٹ) شاعرِ مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ کے یوم ولادت کے موقع پر آج صبح 10 بجے دفتر بلدیہ گوجر خان میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب منعقد ہوگی، جس میں اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان ڈاکٹر سیدہ زینب حسین قومی پرچم لہرائیں گی۔ تقریب میں نمائندین شہر، تاجر برادری، سماجی و سیاسی شخصیات، سرکاری افسران اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

پاکستان کو بیماریوں سے محفوظ بنانے کیلئے نوجوانوں کی آواز انتہائی اہم: پناہ

صوابی یونیورسٹی پناہ کی فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کے لازمی نفاذ کی مہم میں شامل ہوگئی

صوابی (پ ر) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) نے پاکستان میں غیر متعدی بیماریوں (NCDs) کے بڑھتے ہوئے بوجھ کو اجاگر کرنے اور نوجوانوں کو غیر صحت بخش الٹرا پروسیسڈ فوڈز (UPPs) پر لازمی فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWLs) کے نفاذ کی حمایت کے لیے متحرک کرنے کے مقصد سے یونیورسٹی آف صوابی میں نوجوانوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)


یونیورسٹی آف صوابی میں نوجوانوں کے ساتھ ایک آگاہی سیشن کے بعد طلبہ کا پناہ کے عہدیداران کے ہمراہ گروپ فوٹو

مسئلہ کشمیر کا منصفانہ اور پائیدار حل تلاش کیا جائے، علی رضا سید

شہدائے جموں کی قربانیاں تاریخ کا ایک ناقابلِ فراموش باب ہیں، مقررین

برسلز (خصوصی رپورٹر) کشمیر کونسل ای یو کے زیر اہتمام بیجیم کے دارالحکومت برسلز میں چھ نومبر کے یوم شہدائے جموں کی مناسبت سے ایک خصوصی تقریب منعقد ہوئی، جس کی صدارت کشمیر کونسل ای یو کے چیئرمین علی رضا سید نے کی۔ تقریب کے دوران نومبر 1947ء میں جموں میں شہید ہونے والے کشمیریوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا اور ان کی یاد میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ڈپٹی کمشنر انیل سعید کی مزار امام بری سرکار پر حاضری

پھولوں کی چادر چڑھائی، ملک وقوم کی سلامتی کے لیے دعا کی

حضرت امام بری سرکارؒ اسلام آباد کی ایک اہم روحانی وتاریخی پہچان، گفتگو

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سی ڈی اے انیل سعید نے وفاقی دارالحکومت کے علاقے نور پور شاہاں میں برصغیر کے معروف روحانی بزرگ حضرت امام بری سرکارؒ کے مزار پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کرتے ہوئے ملک وملت کی سلامتی، استحکام، ترقی وخوشحالی اور امن وامان کے قیام کے لیے خصوصی دعا کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)


راولپنڈی، چیئرمین یو آئی جی میاں ایم اے شاہد، ماہر تعلیم شہزاد کیانی، مسرت کیانی وخطاب کر رہے ہیں

پاکستان کو یمن جنگ میں ثالثی کا کردار ادا کرنا چاہیے، علامہ ناصر عباس

ریاست کو اپنے شہریوں کی جان، مال، عزت اور حقوق کا تحفظ کرنا چاہیے

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) مجلس وحدت مسلمین پاکستان کے زیر اہتمام منعقدہ ''شہدائے مقاومت و تجدید عہد کانفرنس'' سے خطاب کرتے ہوئے مجلس وحدت مسلمین پاکستان کے سربراہ اور قائد حزب اختلاف سینیٹ سینیٹر علامہ راجہ ناصر عباس جعفری نے کہا ہے کہ پاکستان کو یمن جنگ میں کسی صورت فریق نہیں بننا چاہیے۔ 2015ء میں پاکستان کی پارلیمنٹ نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا تھا کہ پاکستان یمن تنازعے کا حصہ نہیں بنے گا اور اپنی فوج وہاں نہیں بھیجے گا۔ موجودہ حالات میں اس پارلیمانی فیصلے سے انحراف پاکستان کے قومی مفادات، خودمختاری اور عوامی امنگوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)


اسلام آباد، سینیٹر راجہ ناصر عباس ودیگر رہنما کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

علامہ اقبال کا فلسفۂ خودی امتِ مسلمہ کی فکری وعملی بیداری کا پیغام ہے علامہ شبیر

فلسطین، غزہ اور کشمیر کے مظلوم مسلمانوں کی حمایت امتِ مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری



اسلام آباد (سٹی رپورٹر) شیعہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میمتی نے مفکرِ پاکستان، شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کے افکار وفلسفہ پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا ہے کہ اقبال کا فلسفۂ خودی محض شاعرانہ تصور نہیں بلکہ قرآن وسنت کی روشنی میں خودشناسی، خداشناسی، خودداری اور عملی جدوجہد کا جامع پیغام ہے۔ اقبال نے مسلمانوں کو اپنی عظمتِ رفتہ کی بازیابی، فکری غلامی سے نجات اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کا درس دیا۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کے نزدیک خودی انسان کو اپنی حقیقت پہچاننے، مقصدِ حیات سمجھنے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

سستی اور معیاری جدید اسلوب تعلیم متعارف کروائیں گے، جاوید انتظار عامر

آئی سی سی کالج چاکرہ نقشے پر شاندار بلڈنگ بنانے میں ہر ممکن اقدامات کیے جائینگے



اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز جاوید انتظار اور ڈائریکٹر جنرل کیریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز پروفیسر محمد عامر نے آئی سی سی چاکرہ راولپنڈی کے دورے کے دوران کالج نقشے پر بلڈنگ کی تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر مالک بلڈنگ امتیاز حسین، نمائندہ کریئر کلسٹر چاکرہ معین بھی موجود تھے۔ پروفیسر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

علامہ اقبال نظریہ پاکستان کے معمار تھے، ریاض احمد

دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو عظیم اور خوشحال ملک بننے سے نہیں روک سکتی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) صدر انجمن فیض الاسلام راولپنڈی پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد نے شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے 149 ویں یوم پیدائش کے موقع پر انہیں شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ علامہ اقبال صرف ایک شاعر نہیں تھے بلکہ وہ نظریہ پاکستان کے معمار تھے۔ 1930 میں خطبہ الہ آباد میں انہوں نے پہلی مرتبہ شمال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

سرکاری نرخوں کے باوجود سبزیاں مہنگی، فروخت عوام لٹنے پر مجبور

پرائس کمیٹی خاموش تماشائی

ٹماٹر درجہ اول 250، پیاز 220 روپے، آلو 70 روپے، سبز مرچ 120 کی بجائے مارکیٹ میں 150 روپے کلو فروخت کی جارہی ہے

شملہ مرچ کا سرکاری نرخ 210، 250 میں فروخت، ساگ اور پالک 50 سے 60 روپے فی کلو، نوٹس لینے کا مطالبہ

لاہور (نمائندہ خصوصی) ٹماٹر کی قیمت میں مزید 10 روپے فی کلو اضافہ ہوگیا، جس کے بعد ٹماٹر کا سرکاری نرخ 215 روپے فی کلو مقرر کر دیا گیا۔ تاہم مارکیٹ میں درجہ اول ٹماٹر 250 روپے فی کلو فروخت ہو رہے ہیں۔ درجہ دوم ٹماٹر کا سرکاری نرخ 180 روپے مقرر ہے جبکہ مارکیٹ میں یہ 220 روپے فی کلو فروخت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

چیئرمین میو اتحاد حاجی افضل خاں میو، کی صدارت میں اجلاس

مرکزی رہنما شمس العارفین، الیاس نکہ، حاجی شوکت علی، راؤ شریف ودیگر کی شرکت



لاہور (پ ر) لاہور کے موضع کماہاں میں واقع ڈیرہ اختر حسین میو پر پاکستان میو اتحاد کا ایک انتہائی اہم اور باوقار اجلاس منعقد ہوا، جس کی میزبانی کے فرائض چوہدری آفتاب اختر میو نے احسن طریقے سے انجام دیئے۔ اجلاس کی صدارت اور خصوصی شرکت پاکستان میو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

پولینڈ، مسلح شخص کی فائرنگ سے 6 افراد ہلاک، 15 زخمی

وارسا (آئی این پی) جنوبی پولینڈ کے شہر کراکوف کے مرکزی چوک میں ایک کار سے اندھا دھند فائرنگ کرنے والے مسلح شخص نے 6 افراد کو ہلاک اور 15 کو زخمی کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق حکام کا کہنا ہے کہ واقعے

ایزوز کا پاکستان میں اسمارٹ سیکیورٹی مصنوعات پر 60 فیصد تک رعایت کا اعلان

اسمارٹ کیمروں اور ڈیجیٹل ڈور لاکس پر خصوصی آفر 10 سے 21 نومبر تک جاری رہے گی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) عالمی اسمارٹ ہوم برانڈ ایزوز (EZVIZ) نے پاکستان میں اسمارٹ سیکیورٹی مصنوعات پر 60 فیصد تک خصوصی رعایت دینے کا اعلان کر دیا ہے اس پیشکش کے تحت اسمارٹ سیکیورٹی کیمروں ڈیجیٹل ڈور لاکس اور دیگر جدید مصنوعات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ، فوڈ سیفٹی، ہائیجین مہم کامیابی کیساتھ اختتام پذیر

اسسٹنٹ ہیلتھ آفیسر اور انچارج فوڈ کنٹرول سیل کا ٹیم کے ہمراہ فوڈ آؤٹ لیٹس دورہ

شہریوں کو معیاری خوراک کی فراہمی اور فوڈ سیفٹی سے متعلق شعور اجاگر کرنا ترجیح، عامر رشید



راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کے زیر اہتمام کینٹ کے رہائشیوں کو معیاری، صاف اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے جاری تین روزہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

23 ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ کا اختتام

پاکستان اور ہانگ کانگ نے بالترتیب مردوں اور خواتین کے ٹائٹل اپنے نام کر لیے

اسلام آباد (نمائندہ۔ شہرنامہ) پاکستان نے 23 ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 کے مینز ٹیم ایونٹ کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ مصحف اسکواش کمپلیکس، اسلام آباد میں کھیلے گئے سنسنی خیز فائنل میں پاکستان نے کوریا کو 2-0 سے شکست دے کر چیمپئن بننے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد لیبر ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی پمپس کی نیجلکارروائی 50 زائد پٹرول نوزلز سیل

سلام آباد میں ویٹس اینڈ میژرز کے قوانین پر مکمل عمل درآمد یقینی بنانے تک بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، انتظامیہ



اسلام آباد (نمائندہ۔ شہرنامہ)/ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایات پر لیبر ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ICT کی بھرپور کارروائیاں، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایات پر لیبر ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ICT اسلام آباد نے شہر بھر میں 40 سے زائد پٹرول پمپس کا تفصیلی معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران غیر قانونی الیکٹرانک ڈیوائسز کے استعمال میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد پولیس کے افسران وجوانوں کے سائیکولوجیکل ٹیسٹ کا سلسلہ جاری


اسلام آباد پولیس کے افسران وجوانوں کے سائیکولوجیکل ٹیسٹ لیے جا رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) اسلام آباد پولیس کے افسران وجوانوں کی ذہنی وپیشہ ورانہ صلاحیتوں میں بہتری کے لیے سائیکولوجیکل ٹیسٹ کا سلسلہ جاری۔ سائیکولوجیکل ٹیسٹ کے ذریعے ذہنی صلاحیتوں، پیشہ ورانہ رویوں، دباؤ میں کام کرنے اور بروقت فیصلہ سازی کی صلاحیتوں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

قومی وحدت اور پاکستانی شناخت کے فروغ کے لیے تمام تعصّبات کا خاتمہ ضروری ہے، ڈاکٹر حافظ خیر محمد جوئیہ

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) تعمیر ملت موومنٹ پاکستان کے بانی چیئرمین ڈاکٹر حافظ خیر محمد جوئیہ نے کہا ہے کہ پاکستان کو ترقی، استحکام اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے لسانی، علاقائی، مذہبی، مسلکی اور نسلی تعصّبات سے بالاتر ہو کر قوم کو ایک پاکستانی شناخت کے تحت متحد کرنا ہوگا۔ قومی وحدت، انصاف، مساوات اور بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ موومنٹ کے منشور کا بنیادی حصہ ہے۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے موومنٹ کا 14 نکاتی منشور پیش کیا اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

سنی علماء کونسل اڈیالہ روڈ کی کابینہ تشکیل



اڈیالہ (نامہ نگار) سنی علماء کونسل اڈیالہ روڈ کی کابینہ چیئرمین پیر عبدالوسید سعید جیلانی نے تشکیل کر دی۔ سابق عہدے داران کو خراج تحسین نئے الیکشن کے شیڈول کا اعلان۔ 20 دسمبر 2026 کو الیکشن انعقاد پذیر ہونگے۔ 5 عہدیداران کے الیکشن ہونگے۔ شفاف الیکشن کا انعقاد میری ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار پیر عبدالوسید سعید جیلانی المعروف پیر ستی چیرمین سنی علماء کونسل اڈیالہ روڈ نے سنی علماء کونسل کے جنرل باڈی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)